ماہنامہ

# جہدِ حق

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق

HRCP

جلد نمبر 25......شمارہ نمبر 04 ...... اپریل 2018

Monthly JEHD-E-HAQ - April-2018 - Registered No. CPL-13

زندہ رہتے ہیں، ہر پل، ہر سُو ...... کچھ لوگ مرا نہیں کرتے

05 مارچ 2018، اسلام آباد: ایچ آر سی پی نے انسانی حقوق کی نامور کارکن عاصمہ جہانگیر کی یاد میں تعزیتی ریفرنس کا اہتمام کیا

11 مارچ 2018، کراچی: عاصمہ جہانگیر کی انسانی حقوق کے لیے جدوجہد کو سلام پیش کرنے کے لیے ایک کانفرنس منعقد کی گئی

# فہرست


| | |
|---|---|
| عاصمہ جہانگیر کی یاد میں | 3 |
| عاصمہ جہانگیر: ہم ان کی زندگی کا جشن منائیں گے | 5 |
| دھمکیوں سے خوفزدہ ہوئیں نہ ہم پر ڈر اور خوف حاوی ہونے دیا | 6 |
| عاصمہ: تم جاوداں ہو اور کامران بھی | 8 |
| عاصمہ جہانگیر ایک بہادر عورت | 9 |
| عاصمہ جہانگیر: پیچھے نہیں ہٹنا، آواز اٹھانی ہے | 10 |
| محروم معاشرے کا اثاثہ | 11 |
| عاصمہ کی مشعل کون اٹھائے گا | 12 |
| امید کی وراثت | 13 |
| یہ مزاحمت ختم نہیں ہوگی | 14 |
| عاصمہ جہانگیر ایک ہمہ گیر شخصیت | 15 |
| انسانی حقوق کی نگہبان۔ عاصمہ جہانگیر | 16 |
| عاصمہ جہانگیر: بس یادیں رہ جاتی ہیں | 17 |
| عاصمہ۔۔۔انتہائی دلیر خاتون | 18 |
| روشن خیالی کی پسپائی اور حکمراں طبقے کا کردار | 19 |
| عاصمہ جہانگیر، کہاں سے لائیں تجھ سا کہیں جسے | 20 |
| The last word | 22 |
| The legacy Asma leaves behind | 23 |
| Goodbye, warrior! | 26 |
| Asma Jahangir is no more - but her formidable legacy lives on | 28 |
| My rock star khala | 31 |
| Civil society after Asma | 32 |
| Who's afraid of Asma Jahangir? | 34 |
| Asma Jahangir, my fearless friend | 35 |
| My friend Asma | 38 |


# عاصمہ جہانگیر کی یاد میں

عاصمہ جہانگیر کی شخصیت کا بنیادی خاصہ یہ تھا کہ وہ ایسے وقت میں آواز بلند کرتی تھیں جب بہت سے لوگ خوف کے مارے چُپ ہو جاتے تھے۔ میری پیشگی معذرت قبول کر لیں کیونکہ کسی بھی تقریر میں اُن کی جدوجہد کا احاطہ کرنا ممکن نہیں ہے۔

عاصمہ جہانگیر بچپن سے ہی جبر اور امتیازی سلوک کے خلاف صف آراء تھیں، اور 'ننھی ہیروئن' کے نام سے پکاری جانے والی لڑکی بڑا ہو کر انسانی حقوق کی سرگرم کارکن بنی اور اس دنیا کو بہتر مقام بنانے کے لیے جدوجہد کا عملی نمونہ ثابت ہوئی۔

عاصمہ نے تمام افراد کے انسانی حقوق کو قانونی تحفظ دینے کے جذبے سے سرشار ہوتے ہوئے، اپنی بہن اور دیگر کارکنوں کے ساتھ مل کر ایک لاء فرم قائم کی جو کہ پاکستان میں عورتوں کی جانب سے بنائی گئی پہلی لاء فرم تھی۔ عاصمہ معاشرے کے سب سے زیادہ غیر محفوظ و پسماندہ طبقوں اور خواتین، اقلیتوں اور بچوں کے حقوق جو عاصمہ کے نزدیک انتہائی اہمیت کے حامل تھے، کا دفاع کرتی رہیں۔ اپنی عالمی ذمہ داریوں میں مشغول ہونے سے پہلے، وہ ایک طویل عرصہ تک سول سوسائٹی کی کارکن کی حیثیت سے کام کرتی رہیں، اور انہوں نے کئی این جی اوز کی بنیاد رکھی، ان تنظیموں کی انتظامی کونسل اور جنرل کونسل کا رکن رہیں۔ ان تمام ذمہ داریوں کے دوران انہوں نے صرف ایک ہی اصول کو سامنے رکھا: ہمارے ہر کام کا مقصد ان لوگوں کا مفاد ہونا چاہیے جن کے حقوق پامال ہو رہے ہیں۔

مذہب کی تضحیک کے معاملات سے باخبر ہونے اور لسانی و مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے متعلق حساس ہونے کے باعث انہیں 2004ء میں مذہب و عقیدے کی آزادی پر خصوصی رپورٹیئر بنایا گیا جس کے نتیجے میں ان کے کام اور آواز کو عالمی پذیرائی ملی۔ ان میں حکومتوں سے سیاسی لحاظ سے حساس قومی معاملات پر کام کروانے کی صلاحیت بھی تھی۔ انہوں نے دنیا بھر میں بڑھتی ہوئی مذہبی عدم برداشت اور مذہب کی بنیاد پر جرائم سرزد کرنے والوں کو کھلی چھوٹ کی شدید مذمت کی۔ گزشتہ برس امریتا سین لیکچر کے دوران انہوں نے کہا کہ ''مذہب کی بنیاد پر قانون سازی کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے کیونکہ اس طرح کرنے سے قانون خود استحصال کا آلہ بن جاتا ہے''۔

انسانی حقوق، سول سوسائٹی کی تنظیموں اور اقوام متحدہ کی ثابت قدم حامی ہونے کی بدولت، انہیں بعد میں ایران میں انسانی حقوق کی خصوصی رپورٹیئر بنایا گیا۔ ان کی زندگی کی داستان اپنے آبائی ملک میں خواتین و اقلیتوں کو انصاف دلانے کی جدوجہد سے پہلے ہی رَقم تھی مگر اس کے باوجود انہوں نے یہ اضافی ذمہ داری بھی انتہائی پُروقار اور عقلمندانہ انداز سے نبھائی۔ ایرانی حکومت نے انہیں اپنی تفویض کردہ ذمہ داری نبھانے سے روکنے کے لیے ان کے خلاف بے بنیاد الزامات کی مہمیں چلائیں اور ان کے لیے کئی مشکلات پیدا کیں مگر یہ تمام ہتھکنڈے انہیں انتہائی اہم معاملات پر کام کرنے سے نہ روک سکے۔ گزشتہ ہفتے کونسل برائے انسانی حقوق کے اجلاس میں ایران میں نسانی حقوق کی صورتحال پر جو بحث ہوئی اور ایرانی وفد کے ساتھ ملاقاتوں و مشاورتوں کے جو پروگرام طے ہوئے، یہ سب پیش رفتیں ایرانی شہریوں کی زندگی میں بہتری لانے کے لیے عاصمہ کے بے مثال کردار کی عکاسی کرتی ہیں۔ اگرچہ انہیں ایران میں کام کرنے کا بہت مختصر وقت ملا یہ مختصر مینڈیٹ بھی ایران میں انسانی حقوق کے محافظین کو عاصمہ کے کام اور طاقت کے حجم سے روشناس کرانے کے لیے کافی تھا۔

انہوں نے ایک مرتبہ بی بی سی کے رپورٹر کو انٹرویو میں بتایا کہ: ''ایک وقت تھا جب میں خوفزدہ ہو گئی تھی، ایک وقت تھا جب میں چلائی تھی۔۔لیکن کیا اس کا یہ مطلب ہے کہ آپ وحشیانہ پن کے آگے ہتھیار ڈال دیں؟ نہیں، کبھی نہیں۔''

یہ امر درحقیقت انسانیت اور ایک ایسی خاتون کی ثابت قدمی کو ظاہر کرتا ہے جو مشکل ترین حالات میں طاقت اور ناانصافی کے آگے ڈٹ گئی تھی۔

انسانی حقوق کے حامی کے طور پر عاصمہ کی زندگی کئی معنوں میں دنیا کے کسی بھی کونے میں رہنے والے باہمت محافظین کی عکاسی کرتی ہے۔ انہیں کامیابیاں بھی ملیں اور ناکامیوں کا بھی سامنا کرنا پڑا، لیکن انہوں نے اپنی جدوجہد جاری رکھی۔ انہیں گھر پر نظربند رکھا گیا، انہیں جان سے مارنے کی دھمکیاں دی گئیں، اور انہیں نفرت انگیز مہمات کے ذریعے بدنام کیا گیا، لیکن انہوں نے کبھی ہتھیار نہ ڈالے۔ انہوں نے اس بات کا عملی مظاہرہ کر کے دکھایا کہ انسانی وقار کے تحفظ.....غیر محفوظ ترین لوگوں کے لیے آواز اٹھانے سے لے کر اقوام متحدہ کی رکن کے طور پر بین الاقوامی قانون کے تحفظ تک.....کن مشکلات سے گزرنا پڑتا ہے۔

وہ کئی محاذوں جیسے کہ خواتین کے حقوق، پاکستان میں اور دیگر ممالک میں مذہبی و لسانی اقلیتوں کے حقوق، باضابطہ قانونی کارروائی کے حق کے احترام اور شفاف ٹرائل، سزائے موت کے خاتمے، اور غیر جمہوری حکمرانی کی مزاحمت پر صف آراء

رہیں۔ جب 90 کی دہائی میں انہیں جج بننے کی پیشکش کی گئی تو انہوں نے جواب دیا: ''جج بننا اور ایک ایسے قانون کا دفاع کرنا جس پر میں یقین نہیں رکھتی منافقت کے مترادف ہوگا''۔ وہ پاکستان میں ساری زندگی، ایران میں گزشتہ چند سالوں کے دوران اور دنیا بھر میں گزشتہ دہائیوں کے دوران تمام لوگوں کے انسانی حقوق، آزادی اور وقار کی ایک پرجوش حامی رہیں۔

ہم میں سے جو انہیں جانتے ہیں، وہ اس بات سے واقف ہیں کہ وہ صاف گو تھیں، بااصول تھیں، پرجوش تھیں، نہایت باہمت تھیں اور وہ اپنے اصولوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرتی تھیں۔ پاکستان میں ایسی خاتون کا ہونا ہر پاکستانی کے لیے باعثِ فخر ہے۔ اور یہ انسانی حقوق کی برادری کی خوش قسمتی ہے کہ ان کے لیے ایک رہنما شخصیت موجود ہے۔ ان کی وفات ایک بہت بڑا نقصان ہے، اور ہم میں سے وہ تمام لوگ جو انسانی حقوق کے لیے جدوجہد کرتے ہیں انہیں آنے والی کئی دہائیوں تک ان کی قوت، رہنمائی اور حوصلے کی ضرورت رہے گی۔ وہ ہم سب اور انسانی حقوق کے محافظین کی نوجوان نسل کے لیے رہنمائی کا ذریعہ، اور اس مشترکہ جدوجہد کو جاری رکھنے کے لیے توانائی کا ذریعہ رہیں گی جس کے لیے انہوں نے نہایت فراخدلی سے اپنا کردار ادا کیا۔

درج ذیل سول سوسائٹی تنظیموں کے ایماء پر

مینن کرائٹس، ایف آئی ڈی ایچ کا مشترکہ بیان

آرٹیکل 19
بہائی انٹرنیشنل کمیونٹی
سنٹر فار ری پروڈکٹیو رائٹس
سویکس
ڈیفنس فار چلڈرن انٹرنیشنل
ڈیفنڈ ڈیفنڈرز
عالمی وفاق برائے انسانی حقوق (ایف آئی ڈی ایچ)
فورم۔ایشیا
فرانسسکنز انٹرنیشنل
پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق (ایچ آر سی پی)
ہیومن رائٹس واچ (ایچ آر ڈبلیو)
عالمی کمیشن برائے ماہرین قانون (آئی سی جے)
انٹرنیشنل کرائسز گروپ
عالمی یونین برائے انسانیت واخلاقیات (آئی ایچ ای یو)
ہر قسم کے امتیازی سلوک اور نسلی تعصب کے خلاف بین الاقوامی تحریک (آئی ایم اے ڈی آر)
بین الاقوامی سروس برائے انسانی حقوق (آئی ایس ایچ آر)
امپیکٹ ایران
اقلیتوں کے حقوق کا گروپ
رائٹ لائیولی ہڈ ایوارڈ فاؤنڈیشن
عالمی حقوق کا گروپ (یو آر جی)
عالمی خواتین لیگ برائے امن وآزادی (ڈبلیو آئی ایل پی ایف)
ایذارسانی کے خلاف عالمی تنظیم (او ایم سی ٹی)

[پریس ریلیز۔لاہور۔19 مارچ 2018]

## ایچ آر سی پی اپنی بانی عاصمہ جہانگیر کی موت پر شدید غمزدہ ہے

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق (ایچ آر سی پی) عاصمہ جہانگیر کی غیر متوقع اور اچانک وفات پر شدید غم اور صدمے سے دوچار ہے۔ عاصمہ جہانگیر نہ صرف ایچ آر سی پی کے بانیوں میں شامل تھیں بلکہ وہ ایک مثالی وکیل، انسانی حقوق کی نامور علمبردار، جمہوریت کی زبردست حامی، دوست، عظیم استاد اور غریب اور محروم طبقات کی ایک بہادر ساتھی بھی تھیں۔ وہ گزشتہ روز دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگئیں۔

عاصمہ جہانگیر نے پاکستان میں انسانی حقوق کی تحریک کی بنیاد ڈالی اور اُسے ایک واضح پہچان دی۔ انہوں نے پاکستان کے تمام لوگوں کے حقوق کے تحفظ اور جمہوری نظام کی ترقی کی جدوجہد کو آواز دینے کے لیے اپنے چند دیگر ساتھیوں کے ساتھ مل کر 1986ء میں ایچ آر سی پی کی بنیاد ڈالی۔ تاہم، ایچ آر سی کو ملکی وعالمی سطح پر اہمیت اور رسائی ملنے کی خاص وجہ وہ ہی تھیں۔ عاصمہ جہانگیر ماضی میں ایچ آر سی پی کے سیکرٹری جنرل اور چیئرپرسن کے عہدوں پر براجمان رہیں۔ اِس وقت وہ دیگر کئی اہم خدمات سرانجام دینے کے علاوہ، ایچ آر سی پی کے ترجمان اور ایران میں اقوام متحدہ کے خصوصی رپورٹیئر برائے انسانی حقوق کے طور پر کام کر رہی تھیں۔

انسانی حقوق کی تحریک کے لیے عاصمہ جہانگیر کی بے مثال اور نمایاں خدمات کا اعتراف ملکی وعالمی سطح پر ان کے دوستوں ودشمنوں، دونوں نے کیا ہے۔ ایچ آر سی پی انسانی حقوق کے ایسے کسی کارکن کو نہیں جانتا جو عاصمہ جہانگیر سے زیادہ بہادر اور انتھک ہو۔ وہ ان تمام لوگوں کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گی جن کی زندگیوں پر وہ اپنا نقش چھوڑ گئی ہیں۔

[پریس ریلیز۔لاہور۔12 فروری 2018]

## جہدحق پڑھنے والے توجہ کریں

- آپ نے اس شمارہ کا مطالعہ کیا۔ جوخامیاں/ کمزوریاں آپ کو نظر آئی ہوں۔ ان کی نشاندہی خط کے ذریعے سے کیجئے۔
- آپ بھی اپنے علاقے میں ہونے والی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی رپورٹ/اطلاع ہمیں اس رسالہ میں چھپنے والا رپورٹ فارم پُر کرکے بذریعہ ڈاک روانہ کرسکتے ہیں۔ حقائق اچھی طرح سے تصدیق کرکے لکھیں۔

## HRCP کارکن متوجہ ہوں

'''جہدحق'' کے لیے رپورٹ فارم کے مطابق کوائف پرمبنی رپورٹیں، خبریں، تصاویر اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے متعلق دیگر مواد مہینے کے تیسرے ہفتے تک پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق کے مرکزی دفتر میں پہنچ جانا چاہیے تاکہ یہ اگلے شمارے میں شائع کیا جاسکے۔

**جہدحق کا تازہ شمارہ اور پچھلے شمارے ویب سائٹ پر موجود ہیں۔ پتہ:**

www.hrcp-web.org

**پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق**

''ایوان جمہور'' 107 - ٹیپو بلاک،

نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور

# عاصمہ جہانگیر: 'ہم ان کی زندگی کا جشن منائیں گے'

ریاض سہیل
بی بی سی اردو ڈاٹ کام، کراچی

پاکستان میں حقوقِ انسانی کے لیے بلند ہونے والی ایک بہت بڑی آواز اتوار کو ہمیشہ کے لیے خاموش ہوگئی۔

عاصمہ جہانگیر کی موت کی خبر سامنے آنے پر کراچی میں کتب میلے کا سماں اتوار کی دوپہر سوگوار ہوگیا، سٹیج ہو یا راہدری میں بیٹھے ہوئے لوگ، سب کا موضوع اور حوالہ عاصمہ جہانگیر اور ان کی جدوجہد ہی رہا۔

پاکستان اور انڈیا میں امن کی کوششوں پر ابھی پروگرام کا آغاز ہی نہیں ہوا تھا، پروفیسر خالدہ غوث انڈیا کے سابق وزیر منی شنکر ائیر اور پاکستان کے سابق سفیر جہانگیر اشرف قاضی کا تعارف کروا رہی تھیں کہ ایک خاتون نڈھال حالت میں سٹیج پر گئیں اور افسردہ لہجے میں آگاہ کیا کہ ہماری دوست عاصمہ جہانگیر کا انتقال ہوگیا ہے۔

یہ خاتون کشور ناہید تھیں، ان کے یہ الفاظ سننے کے بعد پورے ہال میں خاموشی چھا گئی۔ پروفیسر خالدہ غوث نے عاصمہ کو خراج تحسین پیش کیا اور پروگرام کو آگے بڑھایا۔

کراچی کتب میلے کی اختتامی تقریب کو عاصمہ جہانگیر کے نام سے منسوب کیا گیا، اس دوران شرکا نے ایک منٹ کی خاموشی بھی اختیار کی۔

انسانی حقوق کے سینیئر رکن اور عاصمہ جہانگیر کے ساتھی آئی اے رحمان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس کمیشن کے لیے بہت سے لوگوں نے کام کیا ہے۔

'ہماری یہ خوش قسمتی تھی کہ ہمیں اس کی سربراہی کے لیے جسٹس دراب پٹیل جیسے بے مثال انسان کی سرپرستی حاصل تھی لیکن حقیقت یہ ہے ہیومن رائٹس کمیشن کو بنانے میں جتنا کردار اور حصہ عاصمہ جہانگیر کا تھا اتنا دور دور تک کسی اور کا نہیں ہوسکتا۔'

آئی اے رحمان نے بتایا کہ آگرہ میں پاکستان اور انڈیا کانفرنس کے موقع پر عاصمہ بھی وہیں موجود تھیں اور پاکستان کے اس وقت کے صدر پرویز مشرف بھی تھے۔ پرویز مشرف طیش میں آئے کہنے لگے میرا جی چاہتا ہے کہ میں طمانچہ ماردوں۔

'عاصمہ جہانگیر کو یہ اعزاز بھی حاصل تھا کہ وہ بڑے سے بڑے ڈکٹیٹر کو خوف زدہ کر دیتی تھیں، جنرل مشرف نے کئی بار کوشش کی کہ وہ ان کی بات مانیں اور آخر میں تو یہ بھی کہا کہ میرا مقدمہ آپ لڑیں تو انھوں نے کہا کہ میں اپنے اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کرتی۔'

آئی اے رحمان نے عاصمہ جہانگیر کی نواب اکبر بگٹی کے آخری ایام میں ملاقات کا حوالہ دیا اور بتایا کہ عاصمہ نواب بگٹی سے ملنے جا رہی تھی کہ ان کی گاڑی پر فائرنگ ہوئی، بعض حلقوں نے سوچا کہ وہ آگے نہیں جائیں گی لیکن عاصمہ نے کہا

کہ آپ کی گولیاں ختم ہو جائیں گی لیکن میرا سفر ختم نہیں ہوگا۔

'جب وہ سندھ آتی تھیں اور مٹھی، خیر پور اور نوشہرو فیروز جاتی تھیں تو ایسا محسوس ہوتا تھا کہ جیسے وہ یہاں کی ہی رہنے والی ہیں۔ وہاں کی خواتین، بچے اور انسانی حقوق کے کارکن ان سے ایسے ملتے تھے جیسے ان کی کھوئی ہوئی بہن آ گئی ہے۔'

انھوں نے کہا کہ عاصمہ جہانگیر نے کبھی کوئی بات ادھار

نہیں رکھی جو بات کی وہ اسی وقت کی۔ 'جب ہم برسلز گئے اور انھیں ایوارڈ ملا تو انھوں نے کہا کہ میرے ساتھ انسانی حقوق کمیشن کو بھی ایوارڈ دیں، اس بہانے انھوں نے انعام کی ساری کی ساری رقم انسانی حقوق کمیشن کو دے دی۔ ہم ان کی موت پر بہت زیادہ نہیں روئیں گے بلکہ ان کی زندگی کا جشن منائیں گے۔

ویمن ایکشن فورم کی رہنما انیس ہارون کا کہنا تھا کہ نامور شاعر حبیب جالب نے بینظیر بھٹو کے لیے کہا تھا ڈرتے ہیں بندوقوں والے ایک نہتی لڑکی سے۔ یہ بات عاصمہ پر بھی صادق آتی ہے، وہ ایک دیرینہ دوست اور رفیق تھیں۔

'عاصمہ کی آواز ہمیشہ حق کے لیے اٹھی، خواتین کے لیے اٹھی، اس ملک کے پسماندہ لوگوں کے لیے اٹھی، میں یہ نہیں کہتی کہ وہ آواز بند ہوگئی جو چراغ عاصمہ نے ہزاروں دلوں میں جلائے ہیں وہ ہمیشہ جلتے رہیں گے، وہ سیکیولر، جمہوری اور فلاحی ریاست کے لیے کوشاں تھیں ان کا یہ مشن ہمارے ساتھ رہے گا۔'

نامور شاعرہ کشور ناہید کا کہنا تھا کہ یہ دو سال پہلے کی بات ہے جب عاصمہ کو امن کا عالمی ایوارڈ ملا اور لاہور میں اس موقعے کو منانے کا فیصلہ کیا گیا، عاصمہ نے انھیں کہا کہ آپ بھی اسلام آباد سے لاہور آ جائیں۔

کشور ناہید نے ایک نظم لکھی جو انھوں نے پڑھ کر عاصمہ کو خراج تحسین پیش کیا۔

دنیا سوچتی تھی اور حیران ہوتی تھی
کیا کبھی دانتری سے گھاس کاٹتی عورت
آسمان میں ستارہ بن کر چمکے گی
کیا یہ بھی ہوگا کہ انگوٹھا لگا کر اپنا حق دے دینے والی عورت
دنیا کے سامنے اپنا حق مانگے گی
وہ منھاری سی عورت عاصمہ جہانگیر
جس نے حکمرانوں کو للکارا ہو
جس کی ایک آواز پر باندی بنی عورتیں ہوں
یا اینٹوں کے بھٹوں پر غلام در غلام خاندان ہوں
ایسے کھچے چلے آئیں ایسے رقص کرتی ہوئی ہوا
جیسے جھومتی ٹہنیاں جیسی خوشبو پھیلاتی بہار
وہ صلیب سے بھی انصاف کے ترازو کو اتروا لیتی تھی
زمین پر راج کرتے ہوئے خداؤں کو للکارتی
بیڑیوں کو پازیبوں میں بدل دیتی
تعزیز سیاست کے پردے چاک کرتی
وعظوں اور فتویٰ فروشوں کو بے نقاب کرتی
خزاں زدہ چہروں کو بہاریں پہناتی

(12 فروری، 2018)

(بی بی سی اردو)

# دھمکیوں سے خوفزدہ ہوئیں نہ ہم پر ڈر اور خوف حاوی ہونے دیا

عنبرین فاطمہ

## عاصمہ جہانگیر کی بیٹیوں منیزے جہانگیر اور سلیما جہانگیر سے خصوصی انٹرویو

''عاصمہ جہانگیر'' کی شخصیت اپنے چاہنے والوں میں جہاں ہمیشہ ایک عمدہ مثال رہے گی وہیں ان کے اہل خانہ کے لیے ان سے وابستہ لمحے کبھی فراموش نہ کئے جاسکیں گے اور بچوں کے لیے ماں کے ساتھ گزرا ہوا ایک ایک لمحہ تو واقعی کبھی بھلایا نہ جاسکے گا۔ عاصمہ کی دونوں بیٹیوں کا کہنا ہے کہ ہماری والدہ بہت ہی مضبوط اعصاب کی مالک تھیں ان کو کبھی روتے نہ دیکھا لیکن جب بےنظیر بھٹو کا قتل ہوا اس وقت وہ روئیں اور کافی دن تک اپنے کمرے میں بند رہیں۔ کہا کرتی تھیں اس ملک میں بے آسرا بچوں کی نمائندگی کرنے والا کوئی نہیں ان کی تو کوئی ضمانت تک نہیں دیتا۔ جب کبھی ہم نے اپنی والدہ سے کہا کہ امی آپ کے خلاف کسی اینکر پرسن نے اپنے پروگرام میں فلاں بات کی ہے تو کہا کرتی تھیں کہ میں ان کو جواب کیوں دوں لہذا تم لوگ بھی نظرانداز کردیا کرو۔ ہماری ماں اپنے بچوں کو کبھی نہ بتاتی تھیں کہ ان کو جان سے مارنے کی دھمکیاں مل رہی ہیں۔ مشترکہ خاندانی نظام میں رہیں اور پورے خاندان کو جوڑ کر رکھنے میں پل کا کردار ادا کیا۔ شادی کے بعد وکالت کی تعلیم حاصل کی اور پہلی گاڑی 22,000 کی لی جس میں اے سی تو دور کی بات، جگہ جگہ گاڑی بند ہوجاتی تھی ہم سب بہن بھائی دھکا لگا کر چلاتے۔ گزشتہ دنوں ہم نے عاصمہ جہانگیر (مرحومہ) کی بیٹیوں منیزے جہانگیر اور سلیما جہانگیر سے نوائے وقت کے لیے انٹرویو کیا۔ اس میں ہونے والی باتیں کچھ یوں ہیں۔ سلیما جہانگیر منیزے سے چھوٹی ہیں اور وکیل ہیں لندن میں ایک لاءفرم میں کام کرتی رہی ہیں والدہ کی وفات کے بعد آج کل ان کے تمام معاملات کو دیکھ رہی ہیں۔ انہوں نے ہم سے بات کرتے ہوئے کہا کہ جس اتوار کو امی کا انتقال ہوا اس سے پچھلے ہفتے وہ لندن آئیں تھیں انہیں بےنظیر بھٹو پر آکسفورڈ یونیورسٹی میں لیکچر دینا تھا لیکچر کے بعد وہ بہت ہی خوش تھیں ان کا کہنا تھا کہ جو بےنظیر کو جانتے ہیں ان کو ضرورت نہیں کہ وہ بی بی پر بات کرنے کے لئے تیاری کریں۔ منگل کے روز وہ مجھ سے مل کر ڈھیر ساری باتیں کرکے واپس پاکستان کے لیے روانہ ہوئیں، میری بیٹی کی چونکہ سکول سے چھٹیاں تھیں اس لیے میں امریکہ چلی گئی ابھی پہنچی ہی تھی کہ میری بہن کا فون آیا کہ امی کا انتقال ہوگیا ہے بس میں فوراً پاکستان آ گئی۔

سلیما جہانگیر منیزے سے چھوٹی ہیں اور وکیل ہیں لندن میں ایک لاءفرم میں کام کرتی رہی ہیں والدہ کی وفات کے بعد آج کل ان کے تمام معاملات کو دیکھ رہی ہیں۔ انہوں نے ہم سے بات کرتے ہوئے کہا کہ جس اتوار کو امی کا انتقال ہوا اس سے پچھلے ہفتے وہ لندن آئیں تھیں انہیں بےنظیر بھٹو پر آکسفورڈ یونیورسٹی میں لیکچر دینا تھا لیکچر کے بعد وہ بہت ہی خوش تھیں ان کا کہنا تھا کہ جو بےنظیر کو جانتے ہیں ان کو ضرورت نہیں کہ وہ بی بی پر بات کرنے کے لئے تیاری کریں۔ منگل کے روز وہ مجھ سے مل کر ڈھیر ساری باتیں کرکے واپس پاکستان کے لیے روانہ ہوئیں، میری بیٹی کی چونکہ سکول سے چھٹیاں تھیں اس لیے میں امریکہ چلی گئی ابھی پہنچی ہی تھی کہ میری بہن کا فون آیا کہ امی کا انتقال ہوگیا ہے بس میں فوراً پاکستان آ گئی۔

تاثر ہے کہ گھریلو معاملات کو اچھی طرح نہیں دیکھ پاتیں۔ ہماری والدہ کے بارے میں بھی بہت سارے لوگوں کا کہنا تھا کہ شاید یہ اپنی مصروفیت کی وجہ سے اپنے بچوں کو وقت نہیں دے پاتیں لیکن ہماری ماں جتنی کامیاب اپنے کیریئر میں تھیں اس سے کہیں زیادہ کامیاب وہ بطور ماں، بطور بیوی اور بہو تھیں۔ میری کوشش ہے کہ اپنی والدہ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ان کے مشن کو جاری رکھوں۔ منیزے جہانگیر عاصمہ جہانگیر کی بڑی بیٹی ہیں ان سے جب ہم نے بات کو تو ان کی آنکھیں تو تین بار نم ہوئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میری والدہ کی شادی چونکہ بہت ہی کم عمر میں ہوئی تھیں لہذا اپنی پڑھائی مکمل نہیں کرپائی تھیں۔ میری پیدائش کے بعد انہوں نے قانون کی تعلیم حاصل کرنا شروع کی۔ میں نے تو اپنی ماں کو اس سوسائٹی کی فرسودہ رسم ورواج، تنگ نظری اور ظلم کے خلاف لڑتے دیکھا۔ انہوں نے جس طرح ضیاء الحق کے زمانے میں ''عورت کی آدھی گواہی'' کو لے کر جلوس نکالا وہ آج بھی لوگوں کو یاد ہے۔ اسی چکر میں میری والدہ کو پولیس نے گرفتار بھی کیا۔ گرفتاری کے بعد انہیں جیل میں رہنا پڑا۔ ہمیں لوگوں نے کہا کہ آپ کی والدہ تو جیل میں ہیں تو ہم بہت پریشان ہوئے۔ میں اس وقت بہت چھوٹی تھیں امی جب آئیں تو میں نے کہا کہ امی آپ جیل میں رہ کر آئیں ہیں لوگ باتیں کر رہے ہیں تو انہوں نے مجھے اور میری بہن کو بہلانے کے لیے کہا کہ جیل میں ہم سب نے بہت مزہ کیا، گانے گائے، کیک کھائے لیکن حقیقت اس کے برعکس تھی۔ مال روڈ کے جلوس کی ایک یاد یہ بھی ہے میری والدہ، حبیب جالب، بشریٰ اعتزاز، مہاراج غلام حسین کتھک جو کہ مجھے ڈانس بھی سکھاتے تھے یہ سب اکٹھے تھے۔ انہوں نے پلان بنا رکھا تھا کہ اگر پولیس آ گئی تو ہم نے کہاں سے اور کیسے بھاگنا ہے لیکن پولیس نے ان کو چاروں طرف سے گھر لیا۔ میں، میری بہن اور ہماری ملازمہ سائیڈ پر کھڑی گاڑی میں بیٹھے تھے۔ میری گود میں میرا چند ماہ کا بھائی تھی، ایک دم پولیس نے آنسو گیس پھینکنی شروع کردی۔ ہماری ملازمہ نے گاڑی کا شیشہ اوپر کرنے کی کوشش کی لیکن میری آنکھوں میں آنسو گیس پڑ گئی وہ پہلی بار تھا جب آنسو گیس کا شکار ہوئی۔ خیر میری امی کو کوٹ لکھپت جیل لے جایا گیا کہا جارہا تھا کہ انہیں ایک ایسی مثال بنایا جائے گا کہ دنیا دیکھے گی۔ ان کا کورٹ مارشل کیا جائے گا وہ بین الاقوامی میڈیا جو افغان جنگ کی وجہ سے ضیاء الحق کے گن گا رہا تھا وہی اس کے خلاف لکھنا شروع ہوگیا بلکہ Ugly Face of Zia Ul Haq کے نام سے ایک آرٹیکل بھی چھپا۔ میری والدہ دو ہفتوں تک جیل میں رہیں مجھے یاد ہے کہ میں بڑی تھی میں اور میری بہن تیار ہوکر کھانا لے کر جیل جایا کرتے تھے۔ اس امید کے ساتھ کہ امی باہر آکر ہمیں ملیں گی لیکن ہمیں ملنے نہیں دیا جاتا تھا اور ہم روتے ہوئے واپس گھر آجاتے تھے۔ میری ماں کو میں نے ہمیشہ صبر کرتے دیکھا لوگوں کی اچھائیوں پر یقین کرتے دیکھا۔ وہ کہا کرتی تھیں کہ ریاست نے اس ملک کو کچھ نہیں دیا۔ یہاں کے لوگ بہت باہمت ہیں ذرا مشکل وقت آتا ہے تو ایک دوسرے کے لیے چھاؤں بن جاتے ہیں۔ ہماری قوم ایک ہیرے کی طرح ہے۔ بس اسے تراشنے کی ضرورت ہے۔ ان کی یہ بات بالکل سچ تھی میں نے امی کے انتقال کے بعد دو ہفتوں میں پاکستان کے لوگوں کی محبت

دیکھی، کہاں کہاں سے لوگ ہمارے گھر تعزیت کرنے آئے۔ کیا بتاؤں۔ مجھے ان کی صحت کو لے کر بہت ڈر لگا رہتا تھا، نظر آ رہا تھا کہ ان کی صحت تیزی سے گر رہی ہے لیکن اپنے کام اور زندگی کے مقصد کو لے کر بہت ہی پرعزم تھیں۔ آخری وقت تک حق اور سچ کے لیے لڑتی رہیں۔ میں نے کبھی فون کر کے کہنا کہ امی اپنی صحت کا خیال رکھا کریں یا آپ کی طبیعت کیسی ہے تو کہا کرتی تھیں کہ میں سمجھی تمہارا کسی اہم کام کے لیے فون آیا ہے۔ یعنی ان کے لیے اپنی صحت اہم نہیں تھی لوگوں کی خدمت کرنا اہم لگتا تھا۔ آٹھ برس قبل ان کو سٹنٹ لگایا گیا تھا، چھاتی کا سرطان ہوا تو ریڈی ایشن لگوا کر سیدھا دفتر پہنچ جایا کرتی تھیں۔ انہوں نے ہمیں مرتے دم تک ذرا برابر بھی تکلیف نہیں دی۔ بے نظیر کے زمانے میں امی نے ایک بچے کا کیس لڑا، جس پر توہین مذہب کا الزام تھا کس کے نتیجے میں اس لڑکے کے چچا کو کورٹ کے احاطے میں قتل کر دیا گیا۔ امی کو جان سے مارنے کی دھمکیاں ملیں اور اس کے بعد امی نے مجھے بورڈنگ سکول بھیج دیا۔ لندن جانے سے پہلے میرے ساتھ ساری تیاریاں کروائیں۔ اس وقت میری عمر پندرہ برس تھی، امی میرے ساتھ لندن گئیں وہاں کمرہ سیٹ کروایا اور مجھے سمجھایا کہ اب دل لگا کر پڑھنا ہے۔ میرا سونے کا وقت نو بجے کا تھا پہلی رات میں بے چین تھی دس بجے سوئی تو امی نے مجھے کال کی اور کہا کہ رات نو کی بجائے دس بجے کیوں سوئی تھی میں نے امی سے کہا کہ آپ کو کیسے پتہ چلا امی نے کچھ نہ بتایا۔ بہت برسوں کے بعد میں نے والدہ سے پوچھا کہ آپ کو کیسے پتہ چلتا تھا کہ میں رات دیر سے سوئی ہوں تو کہنے لگیں کہ تمہارے کمرے کے باہر ایک چھوٹی سی گلی تھی جہاں سے سب نظر آتا تھا میں وہاں کھڑی رہتی تھی اور دیکھتی رہتی کہ تم کب سو رہی ہو اور ساتھ روتی رہتی کہ اپنی بیٹی کو اپنے سے دور کر دیا ہے۔ ان کو جب بھی جان سے مارنے کی دھمکیاں ملیں انہوں نے اپنے اس ڈر اور خوف کو اپنے بچوں پر حاوی نہ ہونے دیا بلکہ یہی کہا کہ ڈرو مت بہادری سے حالات کا مقابلہ کرو اور میری فکر نہ کیا کرو۔ میں جب باہر سے پڑھ کر آئی تو دیکھا کہ امی کے بارے میں جہاں بہت سارے لوگ اچھی باتے کرتے تھے وہیں ان کی حب الوطنی پر بھی سوال اٹھائے جاتے تھے، مجھے بہت حیرت ہوئی کہ دنیا کہاں سے کہاں پہنچ گئی ہے اور ہمارے ملک میں آج بھی اس چیز پر بحث ہوتی ہے کہ کون کیا کر رہا ہے یا کتنا محبّ الوطن ہے۔ میں کبھی اپنے بارے امی سے کچھ گفتگو کرتی یا پوچھتی کہ بتایئے میں یہ کروں یا نہ کروں تو کہا کرتی تھیں کہ تم خود فیصلہ کرو۔ میری والدہ مشترکہ خاندانی نظام میں رہتی تھیں انہوں نے اپنی فیملی کو جوڑ کر رکھنے میں ایک پل کا کردار ادا کیا۔ میرے دادا نے آخری وقت پر بھی اپنی اولاد کی بجائے میری امی پر انحصار کیا۔ میری والدہ کو سوسائٹی نے وہ اعتماد نہیں دیا جو ایک ایسی عورت کو ملنا چاہیے یہاں عورت گھر اور باہر کو جتنا مرضی اچھی طرح چلا لے لیکن اس کی حوصلہ افزائی نہیں کی جاتی ہے۔ سرکاری اعزاز کے ساتھ دفنانے کے سوال پر منیزے کا کہنا تھا کہ ہم نے سرکاری اعزاز کا مطالبہ نہیں کیا تھا بلکہ خیر خواہوں نے اس اعزاز کا مطالبہ کیا جو کہ ہمارے لیے فخر کی بات ہے۔ ہم اس سرکار سے کیسے سرکاری اعزاز مانگ سکتے تھے جس کے خلاف ساری عمر ہماری ماں لڑتی رہیں، آمروں کے ساتھ لڑتی رہیں۔ ماضی کے جھروکوں میں جھانکتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میری والدہ نے اپنے بچوں کی پرورش میں کسی قسم کی کمی نہیں آنے دی۔ بچوں میں تو ان کی جان تھی۔ مجھے یاد ہے کہ ایک مرتبہ ہم سب انگلینڈ کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں گئے۔ میرے بھائی کو آلو دقیمہ اور پراٹھا کھانے کی عادت تھی اس نے شور مچا دیا کہ میں تو آلو قیمہ اور پراٹھا ہی کھاؤں گا۔ اب وہاں ایسا انتظام نہ تھا ایک انڈین کے پاس پوٹلی میں کچھ مصالحے دیکھے تو امی نے اس سے مصالحے لیے قیمہ کسی بھی طرح منگوا کر بھائی کو آلو قیمہ بنا کر دیا وہ جس طرح سے اپنے کام سے مخلص تھیں اسی طرح ان کی کوشش ہوتی تھی کہ ان کے خاندان کو بھی ان سے کوئی شکایت نہ ہو۔ ان کے بچوں کو ان کی کمی محسوس نہ ہو۔ بھٹہ مزدور کون ہوتے ہیں مجھے نہیں پتہ تھا، امی باہر سے آئیں تو ان کے ہاتھ اکثر گندے دیکھتی ایک بار پوچھا کہ آپ کے ہاتھ گندے کیوں ہوتے ہیں تو کہنے لگیں کہ میں بھٹہ پر گئی تھی وہاں تمہارے جیسے چھوٹے چھوٹے بچے کام کرتے ہیں ان کی حوصلہ افزائی کرنے جاتی ہوں ان کے حقوق کے لیے لڑ رہی ہوں، چاہتی ہوں کہ یہ بھی معاشرے میں سر اٹھا کر جئیں۔ میری والدہ نے عورتوں کے لیے تو کام کیا ہی تھا لیکن بچوں کے لیے بہت کام کیا۔ وہ بہت ہی رحم دل تھیں ایک مرتبہ کسی بے سہارا بچے کو گھر لے آئیں اس کو کپڑے جوتے لے کر دیئے وہ بچہ شرارتی تھا مجھے تو اچھا نہ لگا امی چاہتی تھی یہ بچہ یہیں رہے پڑھے لکھے لیکن وہ بچہ کپڑے جوتے سب چھوڑ کر چلا گیا۔ کہنا تھا کہ میرے والد نے میری والدہ کو بہت سپورٹ کیا اس سے بڑی کیا بات ہوگی کہ بیوی اور بچوں کو جان سے مارنے کی دھمکیاں مل رہی ہوں اور وہ بندہ حالات کا سامنا کر رہا ہو۔ مجھے اور میری سہیلیوں کو امی سے ملنے کا بہت زیادہ شوق رہتا تھا آخری بار جب میں امی کے ساتھ ملی تو انہوں نے مجھے کہا کہ اپنی سہیلیوں کو بلواؤ میں نے کھانا بنایا ہے ہم نے ان کے ہاتھ کا کھانا کھایا۔ امی نوجوانوں میں بیٹھ کر بہت اچھا محسوس کرتی تھیں۔ وہ ہر بات کا ایک نیا پہلو تلاش کر لیا کرتی تھیں، ہر بحث کو صحیح سمت میں لے کر جاتی تھیں۔ کچھ عرصہ پہلے جب میں سری لنکا جا رہی تھی تو امی نے مجھے کہا کہ میرے پاس کچھ سری لنکن پیسے ہیں میں ڈھونڈتی ہوں کہاں پڑے ہیں، فون کی سم بھی ڈھونڈ کر دیتی ہوں میں اپنے کمرے میں سونے کے لیے چلی گئی اور بھول گئی کہ امی نے مجھے ایسی کوئی بات کہی تھی لیکن امی آدھی رات کو میرے کمرے میں آئیں اور کہنے لگیں یہ لو پیسے اور سم اس کو استعمال کرنا۔ یہ تھی ان کی ممتا۔ منیزے نے کہا کہ بے نظیر بھٹو میری والدہ کی قریبی دوست تھیں۔ ہمارے نانا کے گھر آ کر رہا کرتی تھیں اس دوران امی بتاتی ہیں کہ بے نظیر پڑھتی رہتی تھیں صنم اور شاہنواز کھیلتے رہتے تھے شاہنواز تو میری امی کو ''آپا'' کہا کرتے تھے۔ 18 اکتوبر کو جب بے نظیر پر حملہ ہوا تو اس سے پہلے میری امی نے مجھے کہا کہ میں نے بے نظیر کے حوالے سے خواب اچھا نہیں دیکھا جس وقت دھماکہ ہوا میں وہی موجود تھی میں نے امی کو فون پر کہا کہ امی آپ پریشان تھیں یہاں ایسی کوئی بات نہیں، اتنی ہی بات کہہ رہی تھی کہ دھماکہ ہو گیا، میں بے نظیر بھٹو سے بعد میں ملی ان کو بتایا کہ امی پریشان تھیں تو بی بی کہنے لگیں کہ اپنی والدہ کی بات کو غور سے سنا کرو۔ میری امی بے نظیر سے بہت متاثر تھیں جب ان کا قتل ہوا تو کئی روز تک اپنے کمرے میں بند رہیں۔ ہماری والدہ ہمارا فخر تھی امید ہے کہ ان کا چھوڑا ہوا کام رکے گا نہیں چلتا رہے گا۔ عورتیں اپنے حقوق کے لیے لڑیں گی اور حالات کا مقابلہ بہادری سے کریں گی۔

(05 مارچ، 2018)

(نوائے وقت میگزین)

بھٹہ مزدور کون ہوتے ہیں مجھے نہیں پتہ تھا، امی باہر سے آئیں تو ان کے ہاتھ اکثر گندے دیکھتی ایک بار پوچھا کہ آپ کے ہاتھ گندے کیوں ہوتے ہیں تو کہنے لگیں کہ میں بھٹہ پر گئی تھی وہاں تمہارے جیسے چھوٹے چھوٹے بچے کام کرتے ہیں ان کی حوصلہ افزائی کرنے جاتی ہوں ان کے حقوق کے لیے لڑ رہی ہوں، چاہتی ہوں کہ یہ بھی معاشرے میں سر اٹھا کر جئیں۔ میری والدہ نے عورتوں کے لیے تو کام کیا ہی تھا لیکن بچوں کے لیے بہت کام کیا۔ وہ بہت ہی رحم دل تھیں ایک مرتبہ کسی بے سہارا بچے کو گھر لے آئیں اس کو کپڑے جوتے لے کر دیئے وہ بچہ شرارتی تھا مجھے تو اچھا نہ لگا امی چاہتی تھی یہ بچہ یہیں رہے پڑھے لکھے لیکن وہ بچہ کپڑے جوتے سب چھوڑ کر چلا گیا۔

# عاصمہ: تم جاوداں ہو اور کامران بھی

امتیاز عالم

عاصمہ کی یاد میں کیسے کیسے نذرانے، نوحے اور نغمے فضاؤں میں بکھر رہے ہیں۔ ایسا کسی کے انتقال پر اک مدت کے بعد سننے اور دیکھنے کو مل رہا ہے۔ کشور ناہید رقم طراز ہیں: اذیت پرستی کے سارے ناخدا نابود ہو جائیں گے، تمہاری بے چین اور پاک روح عاصمہ، تمام خاک پسند لوگوں کے چہروں کی خراشیں، سُبک نرم رو تازہ شگوفوں میں بدل دے گی، سب اُجاڑ بستیوں میں ہر روز تمہارے قدموں کی چاپ سُن کے، آزردہ اور بے نور آنکھیں بھی جگمگا اُٹھیں گی، اذیت پرستی کے سارے ناخدا نابود ہو جائیں گے، مگر تمہاری روح کبھی کیا اکشر، چڑیا کی آواز کے ساتھ اور سارے عالم میں بادلوں کی گرج کے ساتھ، ہمارے ساتھ کھڑی ہوگی، عاصمہ تم جاوداں ہو! ایسی ہی بہت آزردہ، پُر یقیں اور خوش فہم تحریریں عاصمہ کے لئے محبت کے پھول بکھیر رہی ہیں۔ لیکن وہ کہتے ہیں: ع

میرے مرنے پہ بھی وہ راضی نہیں
کیا ابھی کچھ بدگمانی اور ہے

اذیت پسند کیوں چپ ہوں گے؟ اُسے چتا میں جلانے سے، مخلوط جنازے پہ اُنگلیاں اُٹھانے اور جانے کیا کیا اور یہ ذعا بھی کہ آپ بھی اُس کے ساتھ راہِ عدم سدھاریں۔ اور ایسے ناداں دوست بھی جو اس بحث میں مگن ہیں کہ فرد اہم ہے کہ اجتماع۔ ساری عمر اُس نے طاغوتی قوتوں کو بیچ میدان کھڑے ہو کر للکارا تھا اور جاتے جاتے اس کے جنازے کا منظر بھی کذب و ریا کی پیروی کرنے والوں کو، ہمتِ کفر، جرأتِ تحقیق کی دعوت دے گیا۔ بھئی فرضِ کفایہ ہی تو ہے اور بس اللہ کے حضور مغفرت کی ذعا۔

خانہ کعبہ میں مخلوط عبادات ہو سکتی ہیں، تو جنازے میں عورتوں کی شرکت میں کیا قباحت؟ جانے کیوں عبادت گاہوں میں عورتوں کا داخلہ ممنوع ہے؟ مگر عاصمہ کے جنازے نے یہ روایت بھی توڑ دی کہ وہ تو تھی ہی بُت شکن۔ کون کون سے بُت تھے جو اُس نے بہ بانگِ دہل نہیں ڈھائے اور کون جابر تھا جو اس کی للکار کے سامنے ٹھہر سکا۔ آمریت کے بُت، انسانی حقوق سے انکار کے بُت، بچوں سے زیادتی کے بت، عورتوں کو آدھا انسان بنانے کے بُت، اقلیتوں کی تحقیر کے بت، طبقاتی تفریق کے بت، فرقہ واریت کے بت، جنگ وجدل کے بت، انسان دشمنی کے بت۔ کسی نے ان بتوں کی درگت ہوتے دیکھنی ہو تو وہ عاصمہ کے رزمیے کا ایک آدھ صفحہ ہی دیکھ لے۔ اُس کے بُت شکنی کے کلام کی تو نہ ختم ہونے والی جلدیں ہیں۔

ایسے میں یہ مشکل آن پڑتی ہے کہ ایسی نابر خاتون رہنما کو پکارا کیسے جائے۔ وہ ایک مخنی سی خاتون تھی بغیر کسی کروفر کے لیکن اُس میں جو بجلیاں موجزن تھیں وہ دیدنی تھیں۔ اتنی بے باکی، دلیری، بے خوفی کو کوئی کیسے بیان کرے۔ کسی نے کہا کہ وہ آئرن لیڈی ہے، ارے بھئی آئرن لیڈی تو مارگریٹ تھیچر بھی تھی جو عاصمہ کی بالکل ضد۔ یہ کیوں نہیں کہا جا سکتا کہ وہ ایک آہنی ارادے کی مالک خاتون تھی جس کے سامنے آہنی ادارے اور ناقابلِ تسخیر دیواریں بھی دہل دہل جاتی تھیں۔ کسی نے کہا کہ وہ ''مردانہ وار لڑی'' کہ کسی عورت کے یوں لڑنے کے لئے کوئی صنفی طور پر حساس محاورہ نہیں ہے۔ یہ کیوں نہیں کہا جا سکتا کہ وہ زنانہ وار لڑی کہ پدر شاہی معاشرے میں اس کی مثال نہیں۔

جو اس پر غداری کے الزام لگاتے ہیں وہ کشمیر میں ہونے والے بہیمانہ تشدد پر اقوامِ متحدہ کے لئے اس کی رپورٹ ہی پڑھ لیں۔ یا پھر دلّی میں ہونے والے اُس تعزیتی اجلاس کی کارروائی دیکھ لیں جہاں اس کی ہمنوا ساتھی کملا بھاسین آزادی کے نعرے لگاتے ہوئے ذرا ہچکچا نہیں رہی تھیں۔ مشکل یہ ہے کہ عاصمہ جیسی ہمہ نوحریت پسند کے لئے پہلے سے کوئی سانچہ نہیں جس میں وہ سما جائے۔ آخر اُسے کسی ایک سانچے میں کیوں بند کیا جائے جبکہ وہ کسی سانچے میں ڈھلنے والی نہیں تھی۔

> اُسے کسی کی پروا تھی، نہ اپنی جان کی فکر۔ بس خالی ہتھیلی پہ وہ اپنا سر رکھ کر ہر ایک ظالم سے ٹکرانے کو ہر وقت تیار تھی۔ وہ ایک سچی عوامی رہنما تھی اور سیاسی کارکن جو کسی پارٹی کی رُکن نہ ہوتے ہوئے بھی اپنی ذات میں ایک پارٹی تھی۔ اس جدوجہد میں وہ اکیلی نہیں تھی اور نہ وہ نظم وضبط سے آزاد تھی۔

عاصمہ کیا تھی؟ بس ایک نعرہ مستانہ، مزاحمت کی علامت اور چلتا پھرتا احتجاجی جلوس۔ انسانی حقوق ہوں یا شہری آزادیاں، آئین کی بالادستی ہو یا عوام کا اقتدارِ اعلیٰ، عورتوں سے تفریق ہو یا بچوں کے ساتھ ناروا سلوک، اُجرتی غلامی ہو یا کسانوں کی بدحالی، خطے میں امن ہو یا جنگجوئیت کی مخالفت، مذہبی عصبیت پسندی ہو یا نسلیاتی نابرابری، پارلیمنٹ کی بالادستی ہو یا پھر صحافت کی آزادی اور عدلیہ کی خودمختاری، بنگالیوں سے ناانصافی ہو یا بلوچوں سے زیادتی، دُنیا میں ظلم ہو یا خطے میں بربریت، وہ ناانصافیوں کے خلاف انصاف کی آواز تھی۔ اُسے کسی کی پروا تھی، نہ اپنی جان کی فکر۔ بس خالی ہتھیلی پہ وہ اپنا سر رکھ کر ہر ایک ظالم سے ٹکرانے کو ہر وقت تیار تھی۔ وہ ایک سچی عوامی رہنما تھی اور سیاسی کارکن جو کسی پارٹی کی رُکن نہ ہوتے ہوئے بھی اپنی ذات میں ایک پارٹی تھی۔ اس جدوجہد میں وہ اکیلی نہیں تھی اور نہ وہ نظم وضبط سے آزاد تھی۔ اُس کا ایک واضح عوامی، جمہوری، انسانی اور سماجی نظریہ تھا۔ وہ ترقی پسند تھی، انسانیت پسند تھی، جمہوریت پسند تھی، سماج وادی تھی اور سیکولر مسلمان بھی۔ اس تاریخی جہد میں اُس نے کئی تنظیموں کی بنیاد رکھی جن کی قوتِ محرکہ میں پاکستان کے چوٹی کے دماغ اور نہایت مخلص رہنما کارکن شامل تھے۔ وہ تنِ تنہا بھی لڑتی تھی اور سب کو ساتھ ملا کر میدانِ کارزار میں اُترتی تھی۔ اگر ہیومن رائٹس کمیشن میں آئی اے رحمان، عزیز صدیقی، حسین نقی جیسے سینئر ایڈیٹرز اور جسٹس دراب پٹیل اور ایئر مارشل ظفر چوہدری جیسی مایہ ناز شخصیات تھیں تو ویمن ایکشن فورم میں پاکستانی خواتین کی نہایت زوردار آوازیں شامل تھیں۔ قانونی دادرسی کے لئے جو سیل AGHS بنا اُس کی روحِ رواں اُن کی بہن حنا جیلانی اور بہت سے وکیل تھے۔

عورتوں کی پناہ گاہ دستک مہہ ناز جیسی فنافل خواتین کے پاس تھی۔ بھٹہ مزدور تنظیموں، ٹریڈ یونینز، وکلا کی تنظیموں اور طرح طرح کی ترقی پسند اور عوامی جتھہ بندیوں کو عاصمہ کی بھرپور حمایت حاصل تھی۔ پاکستان میں عوامی جمہوری جدوجہد کی تاریخ میں تاریک راہوں میں مارے جانے والے سینکڑوں ہیروز میں عاصمہ بھی ایک تھی اور سب سے منفرد بھی۔ دو لفظوں میں یوں کہیے کہ وہ عوامی مزاحمت کی علامت تھی اور ہے۔

بقول فیض ع

شہرِ جاناں میں اب باصفا کون ہے؟
دستِ قاتل کے شایاں رہا کون ہے؟
رختِ دل باندھ لو دل فگارو چلو
پھر ہمیں قتل ہو آئیں یارو چلو

عاصمہ کی بے وقت اور اچانک موت نے یقیناً ایک خلا پیدا کیا ہے اور اُسے پُر ہونے میں وقت لگے گا۔ لیکن اس کی روایت ہزاروں نوجوانوں کو مزاحمتی راہ پہ لائی ہے اور آج اس ملک میں انسانی حقوق کے لئے آواز اُٹھانے والوں کی کمی نہیں۔ رجعتی بالادستی، فکری جبس اور تحریکی ناطاقتی کے ماحول میں عاصمہ بڑی غنیمت تھی۔ اُس نے سارے جہاں کا غم اپنے سر لے رکھا تھا اور یار لوگ بے فکر رہتے کہ عاصمہ تو ہے، دیکھ لے گی۔ اب وہ نہیں رہی، اُس کی یاد تو ہے اور اس کی روایت کی درخشاں مثال بھی۔ معاشرتی بدلاؤ، انسانی حقوق و آزادیوں کا تحفظ، جمہوری شجر کی آبیاری اور انسان دوستی کا چلن آسان کام نہیں۔ نہ ہی یہ ایک آدھ نسل یا چند اشخاص کے بس کا کام ہے۔

جو سماجی و تحریکی بوجھ اُس نے اُٹھا رکھے تھے، اُنہیں آج بانٹنے کی ضرورت ہے۔ جمہوری تحریک کے انہدام اور انقلابی تحریک کے اسقاط کے زمانے میں یہ اور بھی ضروری ہو جاتا ہے کہ غلطیوں سے سیکھا جائے اور نئی راہیں استوار کی جائیں۔ اب ایک ایسے کم از کم سماجی جمہوری ایجنڈے کی ضرورت ہے جو سب ترقی پسند اور عوامی قوتوں کو متحد کر دے۔ بکھری ہوئی کاوشوں کو ایک لڑی میں پرو دے اور سیاست کی موجودہ بے ثباتی میں اُمید کی کرن بن کر سامنے آئے۔ عاصمہ سے ہماری محبت تقاضا کرتی ہے کہ ع

جو تجھ سے عہدِ وفا استوار رکھتے ہیں
علاجِ گردشِ لیل ونہار رکھتے ہیں

(12 فروری، 2018)

(روزنامہ جنگ)

# عاصمہ جہانگیر، ایک بہادر عورت

فرخ سہیل گوئندی

جنرل ضیاء الحق کی آمریت میں دو بہنوں عاصمہ جیلانی اور حنا جیلانی نے اپنی جدوجہد اور بہادری کے حوالے سے یکا یک نام کمایا۔ ملک غلام جیلانی کی ان دو بیٹیوں نے آئینی جدوجہد کی قانونی جنگ میں جو نام کمایا، وہ پاکستان کی سیاسی اور قانونی تاریخ کا اہم باب ہے۔ ان دنوں لاہور میں چند ایک خواتین ہی مرد وکلا کے ساتھ سفید شلوار قمیص اور کالے کوٹ کے ساتھ دیکھنے کو ملتی تھیں۔ ان میں عاصمہ جیلانی اور حنا جیلانی کے علاوہ طلعت یعقوب، ریحانہ سرور نمایاں تھیں۔ اپنی شہرت اور جدوجہد کے آغاز میں عاصمہ جیلانی شادی کے بعد عاصمہ جہانگیر ہوگئیں۔ جنرل ضیاء الحق کے خلاف مشترکہ سیاسی جدوجہد کی بنیاد لاہور ہائیکورٹ کے وکلاء نے ڈالی جن میں محمود علی قصوری نمایاں تھے۔ جدوجہد کے اس نقطہ آغاز کے بعد جن لوگوں نے اسے بھرپور طریقے سے منظّم کیا، ان میں جناب سید افضل حیدر، عابد حسن منٹو، رفیق چوہان، ملک محمد قاسم، اعتزاز احسن، عاصمہ جہانگیر اور حنا جیلانی و دیگر وکلاء کے ہمراہ نمایاں طور پر متحرک نظر آئے۔ ان دنوں لاہور ہائی کورٹ سیاسی مزاحمت کا سب سے بڑا اور شاید واحد مرکز تھا جہاں جنرل ضیا کے باغی اکٹھے ہوتے جن میں وکلاء کے علاوہ دیگر سیاسی جماعتوں کے سیاسی کارکن بھی شامل ہوئے۔ وکلاء کے اسی اتحاد نے جنرل ضیاء کی آمریت کے خلاف وکلاء تحریک شروع کی اور بعد میں اسی وکلاء تحریک کے بطن سے پاکستان کا طویل ترین مدت تک قائم رہنے والے سیاسی جماعتوں کے اتحاد (ایم آر ڈی) (تحریک بحالی جمہوریت) نے جنم لیا۔ اسی 11 جماعتی سیاسی اتحاد نے جنرل ضیاء کی آمرانہ حاکمیت کے خلاف دبنگ جہد مسلسل کی۔ ایم آر ڈی کی تحریک میں شامل سیاسی کارکنوں کو قانونی معاونت کے لیے ایک گمنام ساتھی جناب لیاقت حسین وڑائچ ایڈووکیٹ مرحوم نے آغاز کیا تو یہ جدوجہد کرنے والوں کے لیے ایک واحد سہارا ثابت ہوا۔ عاصمہ جہانگیر نے ان کے ہمراہ قانونی معاونت میں اپنا حصہ ڈالنا شروع کیا۔ جنرل ضیاء کے خلاف سڑکوں پر جمہوریت اور آئین کا مطالبہ کرنا سنگین جرم تھا اور جو جلوس نکالتا اس کو عقوبت خانوں، زندانوں اور مقدمات کا سامنا کرنا پڑتا۔ اب وہ کوئی خوف انگیز افسانہ لگتا ہے۔ راقم نے انہی دنوں عاصمہ جہانگیر کو لاہور کی سڑکوں پر مہناز رفیع سمیت دیگر خواتین کے ساتھ نعرہ بغاوت بلند کرتے دیکھا۔ لیاقت حسین وڑائچ کے کام سے وہ اس قدر متاثر ہوئیں کہ انہوں نے اس جدوجہد کو مزید مستحکم کرنے کے لیے جیلانی فاؤنڈیشن کی بنیاد رکھی جس کا دفتر ان کے اپنے لاء آفس واقع ہال روڈ میں تھا۔ بعد میں جیلانی فاؤنڈیشن سے ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان بنا۔ اس کی بنیاد سیاسی کارکنوں، وکیلوں اور صحافیوں نے مل کر رکھی جن میں یحییٰ بختیار، دراب پٹیل، نثار عثمانی، حبیب جالب، منو بھائی اور دیگر لوگ بھی شامل تھے۔ عاصمہ جہانگیر نے سیاسی کارکنوں کی قانونی جنگ کے ساتھ ہی عورتوں کے حقوق کی جدوجہد میں اپنا حصہ ڈالنا شروع کردیا جس کے لیے طاہرہ مظہر علی خان مرحومہ کی قیادت میں بننے والا ادارہ ویمن ایکشن فورم پاکستان میں خواتین کی جدوجہد کے حوالے سے ایک سنگِ میل ثابت ہوا۔ عاصمہ جہانگیر نے انسانی حقوق کی اس جدوجہد سے بھٹہ مزدوروں کے حقوق کو جوڑا جس میں احسان اللہ خان کا ذکر نہ کیا جائے تو تاریخ سے زیادتی ہوگی۔ اور ایک بات نہیں بھولنی چاہیے کہ عاصمہ جہانگیر انسانی اور عوامی حقوق کی اس جدوجہد کو صرف عدالتوں کے اندر ہی نہیں لڑتی رہیں بلکہ وہ شہر شہر سڑکوں پر ہم سب کے ساتھ شامل ہوئیں۔ میں ان کے حوالے سے جدوجہد کے چند واقعات کبھی نہیں بھولوں گا۔ ان میں حبیب جالب اور بشریٰ اعتزاز کے ہمراہ ان کا جنرل ضیاء کی پولیس کے ہاتھوں پٹنا نمایاں ہے۔ یہ جلوس جہاں پاکستان میں سیاسی تاریخ میں انمنٹ اثرات چھوڑ گیا، وہیں چار اور چار دیواری کے تحفظ کے دعوے دار جنرل ضیاء کی طرف سے عورتوں پر تشدد کے بعد یہ واقعہ خواتین کے حقوق کا پہلا اور اہم ترین سنگ میل تو ثابت ہوا، مگر ساتھ ہی جنرل ضیاء کی آمریت میں ایک ایسا شگاف ڈال گیا، جو وقت کے ساتھ پھیلتا چلا گیا۔ اس مظاہرے میں شامل ہونا پانچ سال قید اور دس کوڑوں کا سزاوار ٹھہرایا جانا تھا۔ راقم سیاسی جدوجہد کے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ اس مظاہرے میں بڑے جوش و خروش سے شامل تو تھا، لیکن جب مظاہرے میں شامل حبیب جالب اور خواتین کے سروں پر پولیس کے ڈنڈے پڑے تو پھر وہ کچھ ہوا جو ریاستی تشدد کے خلاف کارکن Street Fights میں کرتے ہیں۔

عاصمہ جہانگیر نے سیاسی کارکنوں کی قانونی جنگ کے ساتھ ہی عورتوں کے حقوق کی جدوجہد میں اپنا حصہ ڈالنا شروع کردیا جس کے لیے طاہرہ مظہر علی خان مرحومہ کی قیادت میں بننے والا ادارہ ویمن ایکشن فورم پاکستان میں خواتین کی جدوجہد کے حوالے سے ایک سنگِ میل ثابت ہوا۔

جنرل ضیاء نے جب اپنی آمریت کو جعلی ووٹوں کے عمل سے قانونی حیثیت دینے کے لیے ریفرنڈم کا انعقاد کیا تو اس روز 19 دسمبر 1984 کو مسجد شہداء لاہور میں ایم آر ڈی نے جلسے کا انعقاد کیا۔ جلسہ مسجد کے صحن میں منعقد ہوا جس میں تین چار سو لوگ شامل تھے۔ مسجد کے گرد حصار بنانے اور پوری مال روڈ کو سیل کرنے کے لیے سینکڑوں پولیس والے تعینات تھے۔ اس کے ساتھ ساتھ فوجی جیپیں لوڈڈ بندوقیں تانے سڑکوں پر گشت کر رہی تھیں۔ جلسہ ابھی جاری تھا کہ چند سیاسی کارکن مسجد سے باہر آئے اور نعرے بلند کرنے لگے۔ اس دوران عاصمہ جہانگیر بشمول شاہ تاج صاحبہ کے پانچ چھ خواتین کی ٹولی لے کر سڑک پر نکل آئیں۔ میرے ہمراہ دو سیاسی کارکن تھے۔ ہم عاصمہ جہانگیر سے کافی فاصلے پر نعرے لگاتے ہوئے آگے بڑھے۔ اس دوران ایک پولیس والا اپنے بازوؤں کی پوری طاقت سے آٹھ فٹ لمبا اور موٹا بانس کا ڈنڈا لیے عاصمہ کے پیچھے تھا۔ عاصمہ جہانگیر اور ان کی ساتھیوں کو قطعاً علم نہیں تھا کہ پیچھے سے ایک وردی والا ان پر مکمل طاقت سے وار کرنے کو تھا۔ اس دوران سڑک کنارے پڑی بجری کے بھاری پتھر سے یہ پولیس والا گھائل ہوگیا۔ اس کا قاتل ڈنڈا بھی اس کے ہاتھ سے چھوٹ کر زمین بوس ہوگیا۔ عاصمہ جہانگیر، آئین بحال کرو، ریفرنڈم مردہ باد، کے نعرے لگاتے ہوئے آگے بڑھ گئیں اور ہم دونوں کارکن بھی۔ کیا معلوم کہ وہ بھاری ڈنڈا ان کے سر پر پڑ جاتا۔

عاصمہ جہانگیر ہم جیسی کارکن تھیں۔ جب وہ عدالت میں قانونی جنگ لڑتیں تو جان دار وکیل اور سڑک پر جدوجہد کرتیں تو دبنگ سیاسی کارکن کی طرح۔ ایسے سینکڑوں مظاہروں میں راقم بھی عملی طور پر حصہ رہا اور گواہ بھی۔ پہلی خلیجی جنگ اور دوسری خلیجی جنگ کے دوران راقم نے فاروق طارق اور بائیں بازو کے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ اینٹی گلف وار کمیٹی کے تحت لاہور سمیت ملک کے تمام شہروں میں جو مظاہرے منعقد کیے، وہ پاکستان کی سیاست میں کبھی نہیں بھلائے جاسکتے۔ عاصمہ جہانگیر ان مظاہروں میں ویسے ہی شامل ہوئیں جیسے اینٹی گلف وار کمیٹی کے منتظمین نے طے کیا۔ وہ امریکہ کی عراق میں مداخلت، فلسطین، اسرائیلی جارحیت اور لبنان پر اسرائیلی جنگ

مسلط کئے جانے کے خلاف ہم جیسے ترقی پسندوں کے مظاہروں میں دل وجان سے شامل ہوجائیں۔

2010ء میں سابق وزیر قانون جناب بابر اعوان نے سابق صدر آصف علی زرداری کی اس خواہش کو میرے ساتھ شیئر کیا کہ صدر آصف زرداری چاہتے ہیں کہ عاصمہ جہانگیر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کا الیکشن لڑیں۔ میں نے بابر اعوان صاحب سے عرض کی کہ جہاں تک میں عاصمہ جہانگیر کے مزاج سے آشنا ہوں، اگر آپ کی جماعت جو کہ اب حکمران ہے، وہ اس خواہش کا اظہار کرے تو عاصمہ جہانگیر قطعاً اس خواہش کو پورا نہیں کریں گی۔ لہٰذا گورنر ہاؤس میں ایک ڈنر رکھا گیا جس میں پانچ چھ لوگ شریک ہوئے، اس ڈنر میں غیر محسوس انداز میں اس بحث کو چھیڑا گیا کہ سپریم کورٹ بار کا صدر ایک آزاد فکر رکھنے والی شخصیت کو ہونا چاہیے۔ راقم نے اس بحث کو طے شدہ منصوبے کے مطابق کچھ ایسے جاری رکھا کہ قرعہ، عاصمہ جہانگیر کے نام نکل آئے اور ڈنر کے اختتام پر ایک بزرگ دوست کی یہ ''دانش مندانہ'' ذمہ داری لگائی کہ وہ عاصمہ کو اس کے لیے تیار کریں۔ انہوں نے میرے کہنے کے مطابق مرحومہ عاصمہ جہانگیر کو اس کے لیے قائل کرلیا کہ وہ سپریم کورٹ بار کا الیکشن لڑیں۔ انہوں نے الیکشن لڑا اور جیت گئیں۔ لیکن یہ راز کبھی بے نقاب نہ کیا گیا کہ ان کو سپریم کورٹ بار کی صدارت کے لیے کیسے اور کس نے ''غیر محسوس انداز'' میں قائل کیا۔ اس لیے کہ وہ سیاسی جماعتوں کے نام نہاد ڈسپلن سے بالاتر تھیں۔ جب انہوں نے سپریم کورٹ بار کا الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا، راقم نے انہیں پی ٹی وی میں اپنے پروگرام ''تناظر'' میں بطور مہمان مدعو کیا۔ انٹرویو ریکارڈ ہوا تو میں نے ان سے عرض کی کہ اب آپ نے کسی ٹی وی چینل کو انٹرویو نہیں دینا، وہ آپ کا انٹرویو کم اور آپ کو رسوا زیادہ کریں گے اور یہی ان کا وتیرہ ہے۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ وہ جس روز الیکشن جیت رہی تھیں، سابق وزیر قانون ڈاکٹر بابر اعوان نے لاہور میں ایک وزیر کے ہاں ڈنر رکھا۔ نتائج مکمل ہوئے۔ عاصمہ جہانگیر جیت گئیں۔ کمرے میں موجود تمام صحافی وزیر قانون کو مبارک بادیں رہے رہے تھے۔ بابر اعوان نے کہا، اس کا سارا کریڈٹ گوئندی کو جاتا ہے۔ بڑے بڑے صحافی اس تبصرے پر چونک گئے۔ عاصمہ جہانگیر میرے لیے Street Fighting کی ایک دبنگ ساتھی تھیں اور یوں 11 فروری 2018ء کو ہم کئی محاذوں پر لڑنے والے جنگجو سے محروم ہوگئے۔

(17 فروری، 2018)

(روزنامہ نئی بات)

# عاصمہ جہانگیر: پیچھے نہیں ہٹنا، آواز اٹھانی ہے

ڈاکٹر پرویز طاہر

عاصمہ سے متعلق میری پہلی یادیں ان دنوں سے تعلق رکھتی ہیں جب وہ ابھی جیسوز اینڈ میری کانونٹ میں پڑھتی تھیں۔ سپریم کورٹ کے جج صبیح الدین احمد مرحوم جوان کے کزن تھے وہ لاہور کے گورنمنٹ کالج میں تعلیم حاصل کرنے کے دوران ان کے ساتھ رہ رہے تھے۔ ہم اکٹھے ماسٹرز ڈگری مکمل کررہے تھے۔ زیادہ تر چھٹی کے روز ایسا ہوتا تھا کہ میں اور صبیح ان کے گلبرگ والے گھر کے برآمدے میں بیٹھ جاتے تھے اور رات گئے تک گپیں ہانکا کرتے تھے۔ عاصمہ کے والد ملک غلام جیلانی ایک جوشیلے کارکن اور ایک مشہور سیاسی میزبان تھے اور ان کے مہمانوں میں ذوالفقار علی بھٹو اور باقی بلوچ جیسے لوگ بھی ہوا کرتے تھے۔ یہ وہ گھرانہ تھا جو کسی سے نہیں ڈرتا تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ عاصمہ کی پرورش ایسے ماحول میں ہوئی تھی جس میں انہیں کسی بات کا خوف نہیں تھا۔ میں نے آج تک عاصمہ جہانگیر کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ ابھی میں منو بھائی کی وفات کے صدمے سے سنبھل نہیں پایا تھا اور میری ذہنی کیفیت ایسی ہو چکی تھی کہ میں عاصمہ کے جنازے کے علاوہ ان کی یاد میں ہونے والی کسی بھی تقریب میں شریک نہیں ہو پایا۔ شاید میرے اندر کا ماہر معیشت امرتا سین کی طرف سے حوصلہ افزائی کا منتظر تھا جنہوں نے کہا ہے کہ عاصمہ جہانگیر کی عظمت کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔ ایک اور ممتاز معیشت دان البرٹ ہرش مین نے اس وقت ایک کتاب لکھی تھی جب عاصمہ ابھی جوان ہورہی تھیں۔ اس کتاب کا موضوع کچھ غیر معاشی سا تھا۔ نام تھا 'ایگزٹ، وائس اینڈ لائلٹی' (اخراج، آواز اور وفاداری)۔ یہ وہ موضوع تھا جس پر نظر ثانی کیلئے مجھے ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے آئی اے رحمان کہتے رہے۔ آخر شہری تب کیا کریں جب ان کا سامنا انتہائی غیر تسلی بخش صورتحال سے ہوجائے؟ وہ اس سے بچنے کیلئے اپنی قدموں کا استعمال کر کے بھاگ سکتے ہیں۔ اور کئی لوگوں نے ایسا کیا بھی اور جنرل ضیاء کے ظالمانہ دور میں دوسرے ملکوں میں پناہ لے لی۔ عاصمہ جہانگیر نے ایسا نہیں کیا۔ انہوں نے سڑکوں پر نکل کر حدود آرڈیننس کے خلاف مظاہرہ کیا جسے امرتا نے ان کی انتہائی گہری ہمت قرار دیا ہے۔ ان کا بائیں بازو سے تعلق منو بھائی جیسا نہیں تھا بلکہ انہوں نے ہرش مین کی آواز والی آپشن کو استعمال کرلیا۔ ان کا کہنا تھا کہ شہریوں کو بھاگنے کی بجائے آواز اٹھانی چاہیے۔

> آواز سے ایک متحرک سول سوسائٹی جنم لیتی ہے۔ پھر آواز اٹھانے سے حمایت، باہم احترام یا ہرش مین کے الفاظ میں وفاداری جنم لیتی ہے۔ حدود آرڈیننس کے خلاف آواز اٹھائی گئی تو ویمن ایکشن فورم کا جنم ہوا۔ عاصمہ جہانگیر نے عاصمہ جیلانی کے مشہور زمانہ کیس میں وکیل بننے سے بہت پہلے ہی فوجی آمر کے خلاف کیس لڑ کر جیت لیا تھا۔

آواز سے ایک متحرک سول سوسائٹی جنم لیتی ہے۔ پھر آواز اٹھانے سے حمایت، باہم احترام یا ہرش مین کے الفاظ میں وفاداری جنم لیتی ہے۔ حدود آرڈیننس کے خلاف آواز اٹھائی گئی تو ویمن ایکشن فورم کا جنم ہوا۔ عاصمہ جہانگیر نے عاصمہ جیلانی کے مشہور زمانہ کیس میں وکیل بننے سے بہت پہلے ہی فوجی آمر کے خلاف کیس لڑ کر جیت لیا تھا۔ جب ایک بار وہ وکیل بن گئیں تو انہوں نے بچوں، اقلیتوں، کارکنوں، مزارعوں، سماجی تنہائی کا شکار لوگوں، سیاست سے بے دخل کئے گئے افراد، آئینی طور پر تنہائی کا شکار لوگوں، توہین مذہب کے الزامات کا سامنا کرنے والوں اور مذہبی شدت پسندی کا شکار لوگوں کے حقوق کا دفاع کیا۔ ان کی آواز ان لوگوں کیلئے بھی تھی جو ان کی مخالفت کرتے تھے۔ یہ سب لوگ بھی ان کے جنازے میں شرکت کیلئے آئے۔ وہ اس فقرے کی عملی تصویر تھیں کہ مجھے آپ کی بات سے اختلاف ہے لیکن میں اسے کہنے کے آپ کے حق کا مرتے دم تک دفاع کروں گی''۔ ہرش مین نے اصلاحات کے خلاف ہونے والے ردعمل کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ سب سے پہلے تو یہ کہا جاتا ہے کہ اس سے انہی لوگوں کا نقصان ہوگا جنہیں فائدہ پہنچانا مقصود ہے۔ توہین مذہب اور خواتین کے حقوق کے معاملے میں عام خوف یہی تھا۔ لیکن عاصمہ نے اس حوالے سے اپنی جدوجہد سے اس سوچ کو کامیاب نہیں ہونے دیا۔ دوسری بات یہ کہی جاتی ہے کہ ان اصلاحات کی بھاری قیمت ادا کرنا ہوگی جس سے یہ اصلاحات ناکام ہوجائیں گے۔ عاصمہ کیلئے کوئی بھی قیمت بہت زیادہ نہیں تھی خاص طور پر جب بات شہری آزادیوں اور سیاسی حقوق کی ہو۔ وہ قیمت کا اندازہ لگنے سے بہت پہلے ہی معاملات کو بہت بڑھا دیتی تھیں۔ ایم آر ڈی کی تحریک اور لاہور میراتھان اس کی صرف دو مثالیں ہیں۔ آخر میں یہ کہا جاتا ہے کہ اصلاحات کے نتیجے میں کوئی اور قیمتی چیز تباہ ہوجائے گی۔ عاصمہ نے اس تباہی کے مقابلے کیلئے عدلیہ کی حد سے زیادہ سرگرمیوں اور جمہوری کریش دونوں کا مقابلہ کیا۔

(3 مارچ، 2018)

(روزنامہ مشرق)

# محروم معاشرے کا اثاثہ

غازی صلاح الدین

بات تو عاصمہ جہانگیر کی کرنی ہے لیکن لکھنے بیٹھا ہوں تو نہ جانے کہاں سے گلیلیو دھم سے میرے دھیان میں آ بیٹھا ہے۔ اور وہ بھی عظیم جرمن ڈرامہ نگار بریخت کی ایک تخلیق کے حوالے سے۔ تو چلئے پہلے گلیلیو کو نمٹاتے ہیں کہ جو سترھویں صدی کا اطالوی ماہر فلکیات اور فلسفی تھا۔ اس کی سائنسی دریافتیں قدامت پرست مذہبی پیش واؤں کے عقائد سے متصادم تھیں۔ رومن کیتھولک کلیسا نے گلیلیو پر مقدمہ دائر کر دیا۔ شدید دباؤ ڈالا گیا کہ گلیلیو اپنی دریافتوں سے منکر ہو جائے۔ اور ایسا ہوا کہ گلیلیو نے سر جھکا لیا اور توبہ کر لی۔ بریخت نے اپنے ڈرامے میں اس موقع پر گلیلیو کے شاگردوں کی مایوسی کا ذکر کیا اور ان میں ایک نے اپنے استاد سے یہ شکوہ کیا کہ بدبخت ہے وہ ملک کہ جس میں کوئی ہیرو پیدا نہ ہو۔ اب سنئے کہ گلیلیو نے اس کا کیا جواب دیا اور ظاہر ہے کہ یہ بریخت کے ڈرامے کا مکالمہ ہے جس کا ترجمہ میں کچھ یوں کروں گا کہ ''نہیں..... بدبخت ہے وہ ملک جسے ہیرو کی ضرورت ہو'' بات ذرا گہری ہے۔ ہیرو کی ضرورت ہوتی ہی کسی ایسے ملک اور معاشرے کو جو مشکلات میں گھرا ہو اور جہاں قدامت پرست اور کٹر قوتیں ترقی اور نئے خیالات پر کفر کا فتویٰ لگاتی ہوں۔ گویا گلیلیو ہیرو بننے کو تیار نہ تھا کیونکہ اس میں جاں کا زیاں بھی ممکن تھا۔ بریخت نے اپنا یہ ڈراما ہٹلر کے عروج کے زمانے میں تحریر کیا تھا اور یہ انتہا پسند آمرانہ قوتوں اور سائنسی حقائق کے درمیان تناؤ کا ایک استعارہ تھا۔ اس ڈرامے میں یہ سوال بھی اٹھایا گیا کہ جبر کے ماحول میں سچائی کا دفاع کس حد تک کیا جا سکتا ہے۔

اس ڈرامے کی معنویت کچھ ایسی تھی کہ ضیاء الحق کے زمانے میں اسے اردو میں اسٹیج کیا گیا۔ اسلم اظہر نے مرکزی کردار ادا کیا اور ہمارے اپنے عمران اسلم بھی اس کا ایک نمایاں حصہ تھے۔ اب پتہ نہیں کہ گلیلیو کی مداخلت میرے اس بیان پر کیا اثر ڈالے گی البتہ گلیلیو سے رخصت ہوتے وقت اس کا ایک مقولہ یاد کر لیتے ہیں۔ اس نے کہا تھا کہ میں یہ نہیں مان سکتا کہ جس خدا نے ہمیں عقل اور شعور اور احساس سے نوازا ہے وہ یہ چاہے گا کہ ہم اپنی ان صلاحیتوں سے دستبردار ہو جائیں۔ اور ہاں ایک اور اہم بات۔ موجودہ عہد میں پاپائے اعظم نے کلیسا کی جانب سے گلیلیو سے معافی مانگی ہے۔ یہ تسلیم کیا ہے کہ گلیلیو حق پر تھا اور اس وقت کے مذہبی رہنماؤں نے اس کے ساتھ بہت زیادتی کی تھی۔ اور اب عاصمہ جہانگیر کا کچھ ذکر۔ اور پہلے یہ وضاحت کہ میں ان کا گلیلیو کے ساتھ کوئی موازنہ نہیں کر رہا۔ بس یہ سوال اٹھایا ہے کہ کسی ملک میں ہیرو کی ضرورت اور پھر اس میں کسی ہیرو کے ابھرنے سے اس کی خوش قسمتی یا بدنصیبی کا کیا تعلق ہو سکتا ہے۔ گلیلیو کی موت کو چند برسوں بعد پانچ سو سال ہو جائیں گے۔ دنیا ظاہر ہے کہ بہت بدل چکی ہے۔ لیکن نظریات کی جنگ جاری ہے۔ ناقابل یقین سماجی اور سائنسی پیش قدمی کے ساتھ ساتھ قرون وسطیٰ کی سوچ اور تعصّبات بھی ابھی زندہ ہیں۔ قدامت پرستی اور روشن خیالی کی جنگ پاکستان میں کس طرح جاری ہے۔

عاصمہ جہانگیر اس کی ایک روشن علامت ہیں۔ میری نظر میں وہ اس مصیبت زدہ ملک کی خوش قسمتی بن کر زندہ رہیں اور اس کی گواہی وہی لوگ دے رہے ہیں کہ جو ان سے نفرت کرتے ہیں۔ آپ دیکھیں کہ یہ کون لوگ ہیں۔ یہ سمجھنے کی کوشش کریں کہ ان کی سوچ کیا ہے۔ ان کے نظریات کیا ہیں اور ان کیمقاصد کیا ہیں۔ ہم کبھی کبھی اپنے دشمنوں سے پہچانے جاتے ہیں۔

عاصمہ جہانگیر اس کی ایک روشن علامت ہیں۔ میری نظر میں وہ اس مصیبت زدہ ملک کی خوش قسمتی بن کر زندہ رہیں اور اس کی گواہی وہی لوگ دے رہے ہیں کہ جو ان سے نفرت کرتے ہیں۔ آپ دیکھیں کہ یہ کون لوگ ہیں۔ یہ سمجھنے کی کوشش کریں کہ ان کی سوچ کیا ہے۔ ان کے نظریات کیا ہیں اور ان کیمقاصد کیا ہیں۔ ہم کبھی کبھی اپنے دشمنوں سے پہچانے جاتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ہماری ہمت اور عزم اور حوصلے کا امتحان بھی یہی ہے کہ ہم کن مخالف قوتوں کو کس طرح للکارتے ہیں اور کس ثابت قدمی کے ساتھ ان کا مقابلہ کرتے ہیں۔ انسانی حقوق اور مظلوم طبقات کے لئے عاصمہ جہانگیر نے جو جنگ لڑی اس کی کوئی مثال نہیں۔ آپ بس یہ دیکھ لیں کہ پوری دنیا میں ان کی خدمات کا کس انداز میں اعتراف کیا گیا ہے۔ انسانی حقوق کی تحریک کے حوالے سے انہیں عالمی سطح پر سراہا گیا ہے۔ اس طرح وہ ہمارے ملک کی آبرو بن کر زندہ رہیں۔ یہ عجیب بات ہے کہ پاکستان کا نام ان چند خواتین نے روشن کیا کہ جنہیں ان کے اپنے ملک میں اتنی دشواریاں اور مخالفتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ لاہور میں اپنی موت سے صرف چھ دن پہلے وہ برطانیہ میں، آکسفورڈ یونیورسٹی کی ایک تقریب میں شریک تھیں۔ یہ بے نظیر بھٹو کی دسویں برسی کے حوالے سے منعقد کی گئی تھی۔ مقررین میں جو دو نام سب سے نمایاں تھے وہ عاصمہ جہانگیر اور ملالہ یوسف زئی کے۔ کوئی دوسرے تین نام آپ بتا سکتے ہیں کہ جو ایک جدید، مہذب، پرامن اور جمہوری پاکستان کی ان سے بہتر علامت بن سکتے ہیں؟ عاصمہ جہانگیر کے انتقال کی خبر ہمیں گزشتہ اتوار کی سہ پہر ملی۔ تب سے اب تک وہ مسلسل جیسے ہمارے ساتھ ہیں۔ ان کے بارے میں خبریں، کالم اور گفتگو جاری ہے۔

اس کے علاوہ وہ ان بے شمار افراد کی یادوں میں ایک روشنی کی مانند موجود ہیں کہ جن کی زندگی کو انہوں نے کسی نہ کسی انداز میں چھوا تھا۔ میں نے بھی پہلے یہ سوچا تھا کہ اس کالم کے لئے میں اپنی چند یادوں کا انتخاب کروں گا۔ پھر میں نے یہ ارادہ بدل دیا کیونکہ 20 سال کے عرصے پر محیط ان یادوں کو سمیٹنا ایک مشکل کام ہے۔ پھر اس کالم کا دامن بھی تنگ ہے اور کئی باتوں کے کہنے کا ڈھنگ بھی مجھے نہیں آتا۔ یہ یادیں اپنے قبیلہ بلکہ عاصمہ جہانگیر کے قبیلے کے افراد کے ساتھ گفتگو میں یا کبھی کبھی بغیر کچھ کہے ہی دہرائی جا سکتی ہیں۔ یہ قبیلہ کن لوگوں پر مشتمل ہے اس کا اندازہ آپ عاصمہ جہانگیر کے جنازے میں شامل خواتین و حضرات کو دیکھ کر کر سکتے ہیں۔ ایک طرح سے اس پاکستان کی روح وہاں موجود تھی جس کا خواب وہ لوگ دیکھتے ہیں جو انسانی حقوق، سماجی انصاف اور باوقار آزادی کے لئے کوشاں ہیں۔ لیکن یہ بھی سچ ہے کہ اس ملک میں بہت لوگ عاصمہ جہانگیر کو ناپسند کرتے ہیں بلکہ نفرت بھی کرتے ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ میری نظر میں اس کی بنیادی وجہ وہ حکمراں خیالات ہیں جو زندگی کے حقائق کے بارے میں کھل کر گفتگو کی اجازت نہیں دیتے۔ وہی بات جو فیض نے کہی تھی کہ چلی ہے رسم کہ کوئی نہ سر اٹھا کے چلے۔ اور یہ دیکھئے کہ معاشرہ میں کس کس چیز کی کمی ہے۔ علم اور مکالمے کی کمی ہے۔ برداشت اور رواداری کی کمی ہے۔ سماجی انصاف کی کمی ہے۔ اور اب تو افسوس یہ ہے کہ عاصمہ جہانگیر کی بھی کمی ہے۔

(17 فروری، 2018)

(روزنامہ جنگ)

# عاصمہ کی مشعل کون اٹھائے گا

انجم نیاز

مستقبل میں عاصمہ جہانگیر کی مشعل کون اٹھا کر دوڑے گا؟ ان کی جوت کون جگائے رکھے گا؟ اب تاریکی کا شکار بے آواز پاکستانیوں کیلئے صرف بہادر، دلیر اور ہمت والے لوگ ہی لڑیں گے۔ صرف وہی لوگ کرپٹ ایلیٹ کلاس کا مقابلہ کریں گے جن کے ضمیر زندہ ہیں۔ کچھ ہی لوگوں میں یہ ہمت ہے کہ وہ ان غیر انسانی، مذہبی قدامت پسند اور ظالم قوتوں کا مقابلہ کریں جو مسلسل پاکستان پر اپنی گرفت مضبوط رکھے ہوئے ہیں۔ عاصمہ کے تاریخی کیریئر نے کئی لوگوں کو متاثر کیا لیکن اب سوال یہ ہے کہ ان کے نقش قدم پر کون چلے گا؟ یہ ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔

اُن کے ساتھی آئی اے رحمان کو امید ہے کہ بہت سے نوجوان مرد و خواتین جو عاصمہ سے متاثر ہیں اور جن کی عاصمہ نے تربیت کی تھی اور وہ ان کے ساتھ کام بھی کر چکے تھے وہی لوگ اب آگے آئیں گے۔

جب 2005 کے زلزلے سے پاکستان کو شدید نقصان اٹھانا پڑا تھا تو عاصمہ جہانگیر نے نیویارک میں پریمیرز ایشیا سوسائٹی میں ماحولیات کے حوالے سے بات کی تھی۔ اس وقت

مستقبل میں عاصمہ جہانگیر کی مشعل کون اٹھا کر دوڑے گا؟ ان کی جوت کون جگائے رکھے گا؟ اب تاریکی کا شکار بے آواز پاکستانیوں کیلئے صرف بہادر، دلیر اور ہمت والے لوگ ہی لڑیں گے۔ صرف وہی لوگ کرپٹ ایلیٹ کلاس کا مقابلہ کریں گے جن کے ضمیر زندہ ہیں۔ کچھ ہی لوگوں میں یہ ہمت ہے کہ وہ ان غیر انسانی، مذہبی قدامت پسند اور ظالم قوتوں کا مقابلہ کریں جو مسلسل پاکستان پر اپنی گرفت مضبوط رکھے ہوئے ہیں۔ عاصمہ کے تاریخی کیریئر نے کئی لوگوں کو متاثر کیا لیکن اب سوال یہ ہے کہ ان کے نقش قدم پر کون چلے گا؟ یہ ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔
ان کے ساتھی آئی اے رحمان کو امید ہے کہ بہت سے نوجوان مرد و خواتین جو عاصمہ سے متاثر ہیں اور جن کی عاصمہ نے تربیت کی تھی اور وہ ان کے ساتھ کام بھی کر چکے تھے وہی لوگ اب آگے آئیں گے۔

برنارڈ کالج کولمبیا یونیورسٹی کی ایک طالبہ رابعہ بات کرنے کیلئے میرے ساتھ گئیں۔ ان کے کالج میں موجود پاکستانی کمیونٹی نے زلزلہ متاثرین کیلئے کافی رقم جمع کی تھی۔ ایشیا سوسائٹی کی سربراہی ایک بھارتی خاتون کر رہی تھیں۔ توقع کے مطابق آڈیٹوریم کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ زیادہ تر لوگ بھارتی شہری تھی جو پاکستان کی عظیم ترین انسانی حقوق کی کارکن کو سننے آئے تھے۔ انہیں مایوسی نہیں ہوئی۔ لیکن میں مایوس تھی۔ لیکن مجھے یہ اچھا نہیں لگا کہ زلزلے کے بعد کوئی شخص ایک غیر ملکی پلیٹ فارم پر اپنی مسلح افواج کو تنقید کا نشانہ بنائے۔ چنانچہ میں نے سوال، جواب کے سیشن کے دوران عاصمہ سے سوال کیا کہ کیا ان کیلئے یہ زیادہ اہم نہیں تھا کہ وہ امریکہ آنے کی بجائے واپس ملک میں رہ کر لوگوں کی مدد کرتیں؟ انہوں نے مجھے ایک سیکنڈ میں خاموش کروا دیا۔ چنانچہ میں بیٹھ گئی۔ انہوں نے جس انداز میں بات کی تھی اس سے حاضرین محظوظ ہوئے اور سب ہنسنے لگے۔

دو ماہ بعد جب میں اپنے سابق ایڈیٹر کے گھر ڈنر پر گئی اور وہاں میڈیا کے بہت سے سینئر لوگوں سے ملی۔ وہاں بھارتی صحافی کلدیپ نائر بھی موجود تھے۔ میں نے ان سے یہ واقعہ بیان کیا۔ لیکن اس سے پہلے کہ میں اپنی کہانی ختم کر پاتی۔ ان میں سے ایک نے موبائل نکالا اور عاصمہ کا نمبر ڈائل کر کے ان سے فوری طور پر وہاں آنے کیلئے کہا۔ میڈیا کے باقی لوگوں اور میزبان خاتون کو بھی غصہ تھا کہ میں نے یہ بات کی ہی کیوں۔ میرے شوہر نے مجھ سے کہا کہ اب لوگ ہم سے اکتا چکے ہیں اور اب یہاں سے جانے کا وقت ہے۔ جب میں گھر واپس جا رہی تھی تو مجھے احساس ہوا کہ جو لوگ عاصمہ سے محبت رکھتے ہیں وہ ان کے متعلق کوئی تنقید برداشت نہیں کریں گے۔ اس بہادر خاتون کو وہ اس طریقے سے آئیڈیلائز کرتے تھے۔ لیکن یہاں میں ان سے سوال کرتی ہوں کہ وہ لوگ جو میڈیا میں شاندار ملازمتیں کر رہے ہیں اور شہزادوں جیسی تنخواہیں پا رہے ہیں کیا ان میں سے کوئی عاصمہ جہانگیر جیسا کردار ادا کر سکتا ہے جو انہوں نے کئی دہائیوں کے دوران برائی کی قوتوں کے خلاف ادا کیا تھا؟ کیا ڈرائنگ روم میں بیٹھ کر تجزیے کرنے والے یہ لوگ سڑکوں پر نکل کر جیل جانے، مار کھانے یا قتل ہونے کا خطرہ مول لیں گے؟ آخر میں ان کاغذی اور ٹی وی شیروں سے میں پوچھوں گی کہ کیا ان میں اتنی طاقت ہے کہ وہ دائیں بازو کی مذہبی طاقتوں کا مقابلہ کریں؟

جب غیرت کے نام پر کوئی قتل ہوتا ہے یا جب کسی خاتون یا بچے سے زیادتی ہوتی ہے، یا طاقتور لوگوں کا کوئی گروہ کسی کی سرعام بے عزتی کرتا ہے تو کیا وہ اس پر آواز اٹھا سکتے ہیں؟ کیا ان میں اتنی جرات ہے کہ وہ آ کر متاثرہ فرد کا ساتھ دیں؟ عاصمہ ہمیشہ ان کی آواز بنتی تھیں۔ وہ کسی سے خوفزدہ نہیں تھیں۔ وہ اپنے راستے میں آنے والے کسی بھی شخص کو مسترد کرنے، ہرانے یا خاموش کرانے کی صلاحیت رکھتی تھیں اور میں نے بھی شرمندگی اٹھا کر یہ بات سمجھ لی تھی۔ میرا خیال تھا کہ ایک صحافی کے طور پر یہ میرا حق تھا کہ میں ان سے ایسا سوال کروں جس سے وہ شاید اتفاق نہ کریں۔ میں نے ان کے کئی ٹی وی شوز دیکھے تھے جس میں وہ دوسرے مہمانوں کے ساتھ بحث میں الجھ جاتی تھیں۔ تو ان میں سے کون جیتتا تھا؟ بلاشبہ عاصمہ جہانگیر۔ ان کے اندر اتنی طاقت تھی کہ وہ اپنے دشمنوں کو پیچھے دھکیل سکیں۔ اور اسی وجہ سے وہ غیر معمولی شخصیت کی حامل تھیں۔

(19 فروری، 2018)

(روزنامہ مشرق)

# امید کی وراثت

وقار مصطفیٰ

وہ کبھی نا امید نہیں ہوئیں گو کہ کام ان کا ایسا تھا کہ قدم قدم پر مایوسیوں کا سامنا ہوتا تھا،منیزے جہانگیر نے یہ بات آنسو سمیٹتے ہوئے اپنی والدہ عاصمہ جہانگیر کے بارے میں کہی۔ بطور اینکر کے ٹیلی ویژن پر کہے۔ان کے الفاظ زیادہ اردو زبان سے تھے، بس ایک آدھ لفظ انگریزی کا تھا جس کا ترجمہ میں نے کر دیا۔انہی کے مطابق ان کی والدہ کا کہنا تھا کہ ہمارے لوگ، پاکستان کے لوگ ہیرے ہیں۔ انہیں تراشتا کوئی نہیں اور ریاست سے مدد نہ ملنے کے باوجود لڑ جھگڑ کر کچھ نہ کچھ بن ہی جاتے ہیں۔

عاصمہ جہانگیر کی وفات 11 فروری کو ہوئی۔غم کی جگہ اب ان کی یادیں منانے کا سلسلہ چلا ہے۔ عاصمہ متنازع ترین شخصیت بنیں کیونکہ وہ خواتین، اقلیتوں، سویلین بالادستی، آزادی اظہار کے حقوق کے لئے مذہبیت، قومیت اور پدرسری ثقافت کے بتوں سے ٹکرائیں۔ یوں یا تو انہوں نے محبت، تشکر اور تفاخر سمیٹے یا تلخی اور نفرت۔ایسے لوگوں کا مسئلہ یہی ہوتا ہے چونکہ وہ اکثر ان لوگوں کی غلط فہمیوں کا شکار ہوتے ہیں جو انہیں سرے سے جانتے نہیں اس لئے ان کے بارے میں ایسی باتیں اور خیالات رواج پاتے ہیں جن کا حقیقت سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

ڈرنا تو خیر سیکھا ہی نہ تھا عاصمہ نے مگر منیزے ہی کے بقول وہ نڈر نہیں تھیں بلکہ انہوں نے ڈر پر قابو پا لیا تھا۔ نہ دھمکیوں سے مرعوب ہوئیں نہ حملوں سے۔ایک بار بلوچستان میں گاڑی پر حملہ ہوا تو کہنے لگیں کہ ان کی گولیاں ختم ہو جائیں گی مگر میرا جذبہ کم نہ ہوگا۔ستارہ امتیاز پایا، پاکستان بھر کے وکلا کی پہلی رہنما بنیں۔کس کس عالمی انعام کا نام لوں جو انہوں نے نہ جیتا ہو۔حال ہی میں لئے گئے ایک ایوارڈ کی رقم سے وہ ایسے ایف ایم چینلز قائم کرنا چاہتی تھیں جو انسانی حقوق کی تعلیم دے سکیں، ترویج کر سکیں مگر زندگی نے وفا نہ کی۔

27 جنوری1952 کو پیدا ہوئیں۔ لاہور کے جیزس اینڈ میری کانونٹ میں داخل ہوئیں۔یہیں پہلی مہم چلائی اور کامیاب رہیں کہ اسکول کی ہیڈ گرل کو نامزد نہ کیا جائے بلکہ جمہوری طریقہ سے چنا جائے۔13 سال کی عمر میں تشدد دیکھا جب انہیں ایک صحافی اور ایک سیاست دان جنہیں ان کے گھر کے باہر گولی لگی تھی، کو اسپتال لے کر جانا پڑا۔ان کے اپنے مطابق انہوں نے بچپن اور لڑکپن میں اپنے گھر میں گفتگو حقوق اور آزادیوں ہی کی سنی اور کہتی تھیں کہ ان کی والدہ تو والد ملک غلام جیلانی کی گرفتاریوں کی عادی ہو چکی تھیں۔ پہلا مظاہرہ 17 برس کی عمر میں ایوب حکومت کے خلاف کیا۔18 سال کی تھیں جب والد کی مارشل لا قوانین کے تحت گرفتاری کو لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا۔ 1972 میں انہی کی اپیل پر سپریم کورٹ نے یحییٰ خان کی حکومت کو اس کے خاتمہ کے بعد غیر آئینی اور یحییٰ خان کو غاصب قرار دیا۔1978 میں قانون کی ڈگری لی مگر اس سے کئی سال پہلے ہی مشرقی اور مغربی پاکستان کے سیاسی اور قانونی حلقوں میں نام بنا چکی تھیں۔

80 کی دہائی میں ویمن ایکشن فورم بنایا، ضیاالحق کے بنائے گئے خواتین کے حقوق کے خلاف بنائے گئے قوانین کے خلاف جدوجہد کی۔اس وقت جیل کی سلاخوں کے پیچھے خواتین میں سے آدھی وہ تھیں جو ضیا کے زنا آرڈیننس کا شکار ہو کر قید ہوئیں۔انہوں نے ایک 13 سالہ نابینا لڑکی کا کیس جیتا جو جبری زنا کا شکار بھی ہوئی اور جیل بھی اسی کو کاٹنا پڑی۔ صائمہ وحید کیس دیکھ لیں یا سمیعہ سرور کا،انہوں نے خواتین کے شادی اور طلاق میں مرضی کے حق کا بھی بھرپور دفاع کیا۔1983 میں جمہوریت کی بحالی کے لئے تحریک ایم آر ڈی میں شرکت پر گرفتار ہوئیں۔ ایک جانب ہیروئن، کلاشنکوف، اور فرقہ وارانہ اور نسلی تقسیم اور تشدد عام ہو رہے تھے مگر ان کے ذمہ دار، عاصمہ اور ان کے ساتھیوں کو مذہب مخالف، مغرب پرست اور غدار قرار دے رہے تھے۔

1986 میں اے جی ایچ ایس کے نام سے دیگر خواتین وکلا کے ساتھ مل کر لیگل ایڈ سنٹر بنایا، پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق کی بنا ڈالنے میں شریک ہوئیں اور 1987 میں اس ادارے کی سیکرٹری جنرل منتخب ہوئیں۔انہوں نے جداگانہ طریق انتخاب، مذہبی شناخت پر مبنی شناختی کارڈ اور مذہب کے غلط استعمال کے خلاف جدوجہد کی۔سلامت مسیح اور رحمت مسیح جنہیں غلط الزامات پر سزا سنائی گئی تھی، ان کا کیس لڑا۔ پندرہویں ترمیم کی مخالفت کی جس کا مقصد مذہبی ریاست کا قیام تھا۔2006 میں بلوچ لیڈر اکبر بگٹی کی ہلاکت سے دو روز پہلے ان سے ملنے کے لئے جانے والوں میں واحد غیر جانبدار شخصیت تھیں جنہیں ملنے کی اجازت دی گئی۔2007 میں ججوں کی بحالی کے لئے جدوجہد کی پاداش میں نظر بند ہوئیں۔خواتین کی لاہور میں میراتھن دوڑ منعقد کی، لاٹھی چارج کا شکار ہوئیں۔ انسانی حقوق کا دفاع کیا، بھارت کے کشمیریوں پر اور اسرائیل کے فلسطینیوں پر ظلم کے خلاف ایسی صدائے احتجاج بلند کی کہ مثال بنی۔جس شدومد سے انہوں نے کشمیر میں ہونے والے مظالم پر تنقید کی انہی کا خاصہ تھا۔مغرب کو بھی پاکستان میں جہاد کے نام پر تشدد کا برابر ذمہ دار قرار دیا۔یورپین یونین پارلیمنٹ میں پاکستان کو سفارتی اور اقتصادی طور پر تنہا کرنے کے خلاف یادگار دلائل دیئے۔ان کے اصول مستحکم بھی تھے اور ان میں تسلسل بھی تھا۔ ایک وقت میں جن کی معتوب ہوئیں ان ہی پر جب مشکل وقت آن پڑا تو ان کی وکیل بھی ہوئیں۔ان کی جدوجہد ملک کے کسی ایک خطے تک محدود نہیں تھی انہیں وطن اور وطن کے لوگوں سے بے پناہ محبت تھی، چاہے ان کا تعلق کسی بھی نظریہ سے ہو، کسی بھی مذہب سے ہو۔ان کی وراثت جرات ہے، امید ہے۔

(22 فروری، 2018)

(روزنامہ جنگ)

**27 جنوری1952** کو پیدا ہوئیں۔لاہور کے جیزس اینڈ میری کانونٹ میں داخل ہوئیں۔یہیں پہلی مہم چلائی اور کامیاب رہیں کہ اسکول کی ہیڈ گرل کو نامزد نہ کیا جائے بلکہ جمہوری طریقہ سے چنا جائے۔**13** سال کی عمر میں تشدد دیکھا جب انہیں ایک صحافی اور ایک سیاست دان جنہیں ان کے گھر کے باہر گولی لگی تھی، کو اسپتال لے کر جانا پڑا۔ان کے اپنے مطابق انہوں نے بچپن اور لڑکپن میں اپنے گھر میں گفتگو حقوق اور آزادیوں ہی کی سنی اور کہتی تھیں کہ ان کی والدہ تو والد ملک غلام جیلانی کی گرفتاریوں کی عادی ہو چکی تھیں۔ پہلا مظاہرہ **17** برس کی عمر میں ایوب حکومت کے خلاف کیا۔**18** سال کی تھیں جب والد کی مارشل لا قوانین کے تحت گرفتاری کو لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا۔ **1972** میں انہی کی اپیل پر سپریم کورٹ نے یحییٰ خان کی حکومت کو اس کے خاتمہ کے بعد غیر آئینی اور یحییٰ خان کو غاصب قرار دیا۔**1978** میں قانون کی ڈگری لی مگر اس سے کئی سال پہلے ہی مشرقی اور مغربی پاکستان کے سیاسی اور قانونی حلقوں میں نام بنا چکی تھیں۔

# یہ مزاحمت ختم نہیں ہوگی

حامد میر

اپنی ہنگامہ خیز زندگی کے آخری دن عاصمہ جہانگیر کچھ بجھی بجھی سی تھیں۔ اتوار کا دن تھا اور نواز شریف نے انہیں صبح گیارہ بجے جاتی امرا بلایا تھا تاکہ طلال چوہدری کے خلاف توہین عدالت کے مقدمے پر مشورہ کیا جاسکے۔ مسلم لیگ (ن) کو طلال چوہدری کے لئے کسی ایسے وکیل کی تلاش تھی جو سپریم کورٹ میں معافی مانگنے کے بجائے اپنے مؤکل کا دفاع کرے۔ کئی نامور وکیل طلال چوہدری سے واضح الفاظ میں کہہ چکے تھے کہ ان کے پاس معافی کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہیں لیکن نواز شریف کی ہدایت یہ تھی کہ معافی نہیں مانگنی۔ اسی لئے عاصمہ جہانگیر سے کہا گیا کہ وہ یہ مقدمہ لڑیں۔ 11 فروری کی صبح طبیعت کی خرابی کے باعث وہ جاتی امرا نہیں جاسکیں جس پر نواز شریف نے ایک وکیل کے ذریعے ان سے خود رابطہ قائم کیا اور طلال چوہدری کا وکیل بننے کی درخواست کی۔ طے پایا کہ شام چار بجے تک خواجہ سعد رفیق خود آ کر عاصمہ جہانگیر سے ملیں گے۔ اس گفتگو کے دوران عاصمہ جہانگیر کے دماغ کی شریان پھٹ گئی اور وہ بیہوش ہوگئیں۔ انہیں اسپتال پہنچایا گیا جہاں وہ اپنے خالق حقیقی سے جاملیں۔ ڈاکٹروں کا کہنا تھا کہ ہائی بلڈ پریشر کے باعث انہیں برین ہیمرج ہوا۔ وہ پروین رحمان اور سبین محمود کی طرح غیر طبعی موت کا شکار نہیں ہوئیں بلکہ رضیہ بھٹی کی طرح بلڈ پریشر اور برین ہیمرج کا شکار ہوئیں۔ کئی لوگوں نے مجھے پوچھا کہ کیا عاصمہ جہانگیر کسی ذہنی دباؤ کا شکار تھیں؟ میں نے عرض کیا کہ ذہنی دباؤ کس پر نہیں ہے، کوئی اس کا ذکر کرتا ہے کوئی نہیں کرتا۔ عاصمہ پر ایک طرف کام کا دباؤ تھا دوسری طرف انہیں دھمکیوں کا سامنا رہتا تھا۔ وہ اکثر اوقات ان دھمکیوں کا ذکر نہیں کرتی تھیں تاکہ ان کے ساتھی اور خاندان کے افراد پریشان نہ ہوں۔ زندگی کے آخری دنوں میں نواز شریف کی نااہلی کے عدالتی فیصلے پر تنقید کے باعث عاصمہ جہانگیر کو بہت سے الزامات کا سامنا بھی کرنا پڑا اور اگر یہ بہادر خاتون طلال چوہدری کی وکیل بن کر سپریم کورٹ میں پیش ہوتیں تو یقیناً الزامات کی شدت میں اضافہ ہوتا۔ حقیقت یہ تھی کہ عاصمہ جہانگیر کے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی تھی، البتہ نواز شریف کا موقف بدل گیا تھا۔ 2012ء میں میموگیٹ اسکینڈل کے شور شرابے میں کوئی وکیل حسین حقانی کے ساتھ کھڑا ہونے کو تیار نہ تھا۔ نواز شریف صاحب نے میموگیٹ اسکینڈل کی انکوائری کے لئے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کی تھیں اور آرمی چیف جنرل اشفاق پرویز کیانی اور آئی ایس آئی کے سربراہ احمد شجاع پاشا کو اپنا گواہ بنایا تھا۔

عاصمہ کو حسین حقانی سے کوئی ہمدردی نہیں تھی بلکہ ان کا مؤقف تھا کہ نواز شریف کو سپریم کورٹ اور فوج کے ساتھ مل کر ایک منتخب حکومت کے خلاف سازش نہیں کرنی چاہئے۔ وہ چاہتی تھیں کہ حکومت انتخابات کے ذریعہ بدلنی چاہئے سپریم کورٹ کے ذریعہ نہیں بدلنی چاہئے لہٰذا وہ حسین حقانی کی وکیل بن گئیں۔ 2017ء میں سپریم کورٹ نے نواز شریف کی حکومت ختم کی تو عاصمہ اپنے پرانے مؤقف پر قائم تھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت تبدیل کرنا ووٹروں کا کام ہے، سپریم کورٹ کا نہیں۔ اب نواز شریف ان کے ہم خیال ہو چکے تھے اور پیپلز پارٹی مخالف ہو چکی تھی۔ ہمارے بڑے بڑے سیاستدان وقت بدلنے کے ساتھ اپنا سیاسی مؤقف بھی بدل لیتے ہیں لیکن عاصمہ جہانگیر اپنے پرانے مؤقف پر ڈٹی رہتی تھیں۔ وہ آج کے تمام سیاستدانوں سے بڑی شخصیت تھیں۔ محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنے دور حکومت میں انہیں ہائی کورٹ کا جج بنانے کی کوشش کی لیکن عاصمہ نے انکار کر دیا۔ 2013 میں عاصمہ کو پنجاب کی نگران وزارت اعلیٰ پیش ہوئی انہوں نے انکار کر دیا۔ موت سے کچھ دن پہلے ان کے سامنے نگران وزارت عظمیٰ کی بات رکھی گئی تو انہوں نے مسکرا کر رد کر دی۔ محترمہ فاطمہ جناح اور محترمہ بینظیر بھٹو کے بعد عاصمہ جہانگیر وہ تیسری خاتون ہیں جنہوں نے پاکستان کی سیاست و سماج پر گہرے اثرات چھوڑے ہیں۔ کچھ مہربان انہیں موت کے بعد بھی کفر کے فتوؤں سے نواز رہے ہیں۔ ان مہربانوں کو معلوم نہیں کہ عاصمہ جہانگیر کے والد ملک غلام جیلانی کی جماعت اسلامی کے بانی مولانا ابوالاعلیٰ مودودی سے بڑی نیاز مندی تھی اور عاصمہ کا نکاح مولانا مودودی نے پڑھایا تھا۔ مجھے یاد ہے کہ 2006 میں عاصمہ جہانگیر ڈیرہ بگٹی گئیں تو ان کی گاڑی پر فائرنگ کی گئی۔ واپس آ کر انہوں نے بانگ دہل کہا کہ اکبر بگٹی کو قتل کرنے کی سازش کی جارہی ہے۔ اس دعوے کے بعد عاصمہ پر ملک دشمنی کے الزامات لگائے گئے۔ کچھ ہی عرصے میں نواب اکبر بگٹی پراسرار موت کا شکار ہوگئے۔ ان کی موت کے بعد بلوچستان میں جو ہوا وہ نہ ہوتا اگر عاصمہ جہانگیر کی بات سن لی جاتی۔ عاصمہ جہانگیر نے ہمیشہ پاکستان اور پاکستان کے مظلوموں کا بھلا سوچا۔ وہ ایک بے لوث سماجی کارکن تھیں جو بغیر کسی غرض کے ہر مظلوم کی آواز بن جاتی تھیں اور پھر مسکرا کر ظالموں کی گالی گلوچ کا سامنا کرتیں۔

> مجھے یاد ہے کہ **2006** میں عاصمہ جہانگیر ڈیرہ بگٹی گئیں تو ان کی گاڑی پر فائرنگ کی گئی۔ واپس آ کر انہوں نے بہ بانگ دہل کہا کہ اکبر بگٹی کو قتل کرنے کی سازش کی جارہی ہے۔ اس دعوے کے بعد عاصمہ پر ملک دشمنی کے الزامات لگائے گئے۔ کچھ ہی عرصے میں نواب اکبر بگٹی پراسرار موت کا شکار ہوگئے۔

2016ء میں مری کے علاقے دیول میں ایک 19 سالہ لڑکی ماریہ صداقت کو زندہ جلا دیا گیا۔ پولیس نے اس واقعہ کو خودکشی کا رنگ دینے کی کوشش کی۔ علاقے کی عورتوں نے عاصمہ جہانگیر سے رابطہ کیا تو عاصمہ نے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کا ایک فیکٹ فائنڈنگ مشن بنایا اور مجھے بھی اس میں شامل کر دیا۔ ایک دن میں، عاصمہ جہانگیر، کامران مرتضیٰ اور کچھ دیگر وکلا دیول کے پہاڑوں میں ماریہ صداقت کے گھر پہنچ گئے۔ اس کے والد نے ہمیں ماریہ کا آخری ویڈیو بیان سنایا جو موت سے کچھ لمحے قبل ایک ڈاکٹر نے پولیس کی موجودگی میں ریکارڈ کیا تھا۔ ماریہ نے علاقے کے کچھ بااثر لوگوں پر الزام لگایا کہ انہوں نے اس پر تیل چھڑک کر اسے جلا دیا تھا۔ ہم نے پولیس سمیت ملزمان کا مؤقف بھی معلوم کیا اور جب ماریہ کے لئے آواز اٹھائی تو ہم پر طرح طرح کے الزامات لگے۔ مجھ پر توہین رسالت کا بے بنیاد مقدمہ بنانے کی مذموم کوشش کی گئی اور مجھے پہلی دفعہ احساس ہوا کہ عاصمہ جہانگیر تو روزانہ اس صورتحال سے گزرتی ہیں۔ یہ واقعہ میری زندگی اور انداز فکر میں اہم تبدیلیوں کا باعث بنا اور میں نے زعم تقویٰ کے شکار کچھ بڑے بڑے پارساؤں پر اعتبار کرنا چھوڑ دیا۔ عاصمہ صرف مظلوم عورتوں کے لئے نہیں مظلوم مردوں کے لئے بھی آواز بلند کرتی تھیں۔ مزدور رہنما فاروق طارق نے ایک دفعہ لاہور میں جنرل پرویز مشرف کے ریفرنڈم کے خلاف مظاہرہ کیا اور گرفتار ہوگئے۔ انہوں نے عاصمہ سے مدد مانگی تو وہ ان کے لئے عدالت میں پیش ہوگئیں۔ ضمانت ہوگئی لیکن ضمانتی مچلکوں کے لئے مطلوبہ رقم یا جائیداد کے کاغذ نہ تھے۔ عاصمہ نے اپنے ذاتی گھر کی رجسٹری بطور ضمانت عدالت میں جمع کرائی اور فاروق طارق کو ان کے 18 ساتھیوں سمیت رہائی دلوائی۔ یہ وہ عورت تھی جس نے اسامہ بن لادن کے خاندان کی غیر قانونی حراست پر بھی احتجاج کیا اور ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی گرفتاری پر بھی احتجاج کیا۔ آئی اے رحمان صاحب نے بڑی خوبصورت بات لکھی ہے۔ لکھتے ہیں عاصمہ اپنے پیچھے امید کا اثاثہ چھوڑ گئی ہیں۔ میں کچھ دوستوں کی اس رائے سے اتفاق نہیں کرتا کہ عاصمہ جہانگیر کا خلا پر نہیں ہوسکتا۔ آپ دیکھیں گے بہت جلد آپ کو عاصمہ جیسی ایک نہیں بلکہ کئی جرآتیں نظر آئیں گی۔ جہاں ظلم ختم نہ ہوگا، ہزاروں گمشدہ افراد واپس نہ آئیں گے اور غیرت کے نام پر قتل بند نہ ہوں گے وہاں عاصمہ جہانگیر کی مزاحمت بھی ختم نہیں ہوسکتی۔ یہ مزاحمت جاری رہے گی۔

(19 فروری، 2018)

(روزنامہ جنگ)

# عاصمہ جہانگیر ایک ہمہ گیر شخصیت

طلعت مسعود

عاصمہ جہانگیر اب تک پاکستانی تاریخ کی سب سے دلیر اور شاندار وکیل اور انسانی حقوق کی کارکن تھیں۔ وہ آئین اور قانون کی بالادستی پر بہت زیادہ یقین رکھتی تھیں جس سے انہیں اندرونی طاقت ملتی تھی۔ انہوں نے جب کبھی بھی ملک کے طاقتور ترین اداروں کو اپنی آئینی حدود سے باہر نکلتے اور سیاسی عمل کا گلا گھونٹتے ہوئے دیکھا تو وہ اس کے خلاف اٹھ کھڑی ہوئیں۔ عاصمہ نے آزاد عدلیہ، جنسی امتیاز کے خاتمے اور عوام کو اختیارات دینے کے حق میں بھرپور طریقے سے آواز اٹھائی۔ اپنے آخری دنوں تک وہ عدالت کی حد سے زیادہ کارروائیوں کی مخالفت کرتی رہیں کیونکہ انہیں اس بات کا شعور تھا کہ اس عمل کا مستقبل میں اداروں کی حدود پر سخت منفی اثر پڑے گا۔ اسی طرح انہوں نے مارشل لاء اور سویلین معاملات میں فوجی مداخلت کا بھی ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ عاصمہ نے جنرل ضیاء کی آمرانہ پالیسیوں کے خلاف بھی دلیرانہ موقف اختیار کیا اور ضیاء کے غصے سے بالکل نہ گھبرائیں۔ جس بات نے انہیں طاقتور اداروں کے خلاف کھڑا ہونے کی طاقت دی تھی وہ یہ یقین تھا کہ صرف پاکستان کا جمہوری طور پر کامیاب ہونا ہی سب سے اہم بات ہے۔ غریبوں کے لیے ان کے دل میں خاص جگہ تھی۔ پاکستان میں چند ہی ایسے لوگ ہیں جو غریبوں کے ساتھ ان جیسی ہمدردی دکھائیں۔ عاصمہ نے پسے ہوئے طبقے کا قانونی دفاع کیا اور ان کے حقوق کی بات کی۔ وسیع تناظر میں دیکھا جائے تو انہوں نے عالمی سطح پر بھی مظالم کا نشانہ بننے والوں کے لیے آواز بلند کی۔ وہ فلسطین کا مقدمہ لڑنے والوں میں پیش پیش تھیں۔ انہوں نے عراق پر امریکی حملے کی مخالفت کی اور روہنگیا مسلمانوں پر مظالم کے خلاف بھی آواز اٹھائی۔ ان کی آواز میں اس لیے دم تھا کیونکہ وہ بے لوث ہو کر مظلوموں کے حق میں بھرپور طریقے سے آواز اٹھائی۔ اپنے آخری دنوں تک وہ عدالت کی حد سے زیادہ کارروائیوں کی مخالفت کرتی رہیں کیونکہ انہیں اس بات کا شعور تھا کہ اس عمل کا مستقبل میں اداروں کی حدود پر سخت منفی اثر پڑے گا۔ اسی طرح انہوں نے مارشل لاء اور سویلین معاملات میں فوجی مداخلت کا بھی ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ عاصمہ نے جنرل ضیاء کی آمرانہ پالیسیوں کے خلاف بھی دلیرانہ موقف اختیار کیا اور ضیاء کے غصے سے بالکل نہ گھبرائیں۔ جس بات نے انہیں طاقتور اداروں کے خلاف کھڑا ہونے کی طاقت دی تھی وہ یہ یقین تھا کہ صرف پاکستان کا جمہوری طور پر کامیاب ہونا ہی سب سے اہم بات ہے۔ غریبوں کے لیے ان کے دل میں خاص جگہ تھی۔ پاکستان میں چند ہی ایسے لوگ ہیں جو غریبوں کے ساتھ ان جیسی ہمدردی دکھائیں۔ عاصمہ نے پسے ہوئے طبقے کا قانونی دفاع کیا اور ان کے حقوق کی بات کی۔ وسیع تناظر میں دیکھا جائے تو انہوں نے عالمی سطح پر بھی مظالم کا نشانہ بننے والوں کے لیے آواز بلند کی۔ وہ فلسطین کا مقدمہ لڑنے والوں میں پیش پیش تھیں۔ انہوں نے عراق پر امریکی حملے کی مخالفت کی اور روہنگیا مسلمانوں پر مظالم کے خلاف بھی آواز اٹھائی۔ ان کی آواز میں اس لیے دم تھا کیونکہ وہ بے لوث ہو کر مظلوموں کی حمایت اور ظالموں کے خلاف آواز بلند کرتی تھیں۔ اور معمول کے مطابق ان کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا کہ انہیں اپنے ملک سے زیادہ بیرون ملک پذیرائی ملی۔ ان کی صلاحیتوں اور بچوں کے حقوق سے وابستگی کے اعتراف میں انہیں 1986 میں ڈیفنس فار چلڈرن انٹرنیشنل کی نائب چیئر پرسن مقرر کیا گیا۔ وہ اس ادارے کی دو برس تک خدمت کرتی رہیں۔ انہوں نے 1993ء میں ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کی بنیاد رکھی اور اس کی چیئر پرسن بن گئیں۔ عاصمہ کو کبھی بھی جیل جانے یا نظر بندی سے ڈر نہیں لگا۔ انہیں جنرل ضیاء کے دور میں تحریک بحالی جمہوریت کے دوران K گرفتار بھی کیا گیا۔ وہ وکلاء تحریک کی مرکزی رہنما بھی تھیں اور سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی پہلی خاتون سربراہ بھی بنیں۔ میں نے ایک دوست کی حیثیت میں بار الیکشن لڑنے کے دوران ان کی قوت کا مظاہرہ خود دیکھا۔

انہوں نے اقلیتوں کے لیے جو آواز اٹھائی اس سے ظاہر ہے کہ انہیں نظر انداز کیے گئے طبقے کا کتنا خیال تھا۔ وہ توہین مذہب کے الزامات کا شکار ہونے والے مسیحوں کے مقدمات کا دفاع کرتی تھیں یہ جانتے ہوئے بھی کہ اس سے انہیں مخصوص مذہبی گروپوں کے غصے کا سامنا کرنا پڑے گا۔ عاصمہ کو فرانس کا اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ بھی دیا گیا جو نوبل انعام کے قریب تر سمجھا جاتا ہے۔ فرانسیسی سفیر نے ان کے اعزاز میں ان کی رہائش گاہ پر ایک تقریب منعقد کی۔ عاصمہ نے مجھ سے درخواست کی کہ میں اس تقریب سے خطاب کروں۔ یہ میرے لئے بڑے اعزاز کی بات تھی۔ مجھے اب بھی ان کی شاندار تقریر یاد ہے جو اپنے معنی و مطلب کے لحاظ سے بہت گہری تھی۔ اس لیے یہ حیرانی کی بات نہیں ہے کہ بہت کم پاکستانی سماجی کارکن ایسے ہیں جنہیں عاصمہ جیسی شہرت اور عزت نصیب ہوئی ہے۔ وہ بینظیر بھٹو کے بہت قریب تھیں اور ان کا اعتماد بھی جیت چکی تھیں۔ لیکن جب کبھی وہ بینظیر کی کسی پالیسی سے اتفاق نہیں کرتی تھیں تو وہ انہیں بھی تنقید کا نشانہ بناتی تھیں۔ عاصمہ مسلم لیگ ن کی قیادت کو مشورہ دینے میں بھی نہیں ہچکچاتی تھیں۔ جمہوریت کی مداح ہونے کے ناطے ان کی خواہش تھی کہ سویلین حکومتیں اپنی مدت پوری کریں۔ تاہم اس کے باوجود حکومتی ناکامیوں کے خلاف آواز اٹھانے سے نہیں چوکتی تھیں۔ عاصمہ کو یقین تھا کہ انسانی حقوق ہی ریاست کی بنیاد ہوتے ہیں اور بین الریاستی تعلقات میں بھی ایک اہم عنصر ہوتے ہیں۔ انہیں پورا یقین تھا کہ انسانی حقوق کی خلاف ورزی کرنے والی کوئی ریاست زیادہ دیر پرامن نہیں رہ سکتی نہ ہی اسے عالمی سطح پر کوئی عزت ملے گی۔ قصہ مختصر کہ انسانی حقوق کو یقینی بنانے کے لیے انسانی حقوق کی پاسداری ضروری ہے۔ انہوں نے ہمسائیوں کے ساتھ اچھے تعلقات کے فروغ کی بھی حمایت کی۔ اس کے ساتھ وہ ان ممالک میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی ناقد بھی رہیں۔ افسوس کی بات تو یہ ہے کہ عاصمہ کے اسٹیبلشمنٹ اور خاص طور پر فوجی قیادت سے تعلقات انتہائی خراب رہے۔ یہ بات سمجھ میں آنے والی ہے کہ ریاست کی جن اندرونی و بیرونی پالیسیوں میں فوج کا بہت زیادہ دخل تھا ان پر عاصمہ کی تنقید کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا گیا۔ تاہم اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ فوج اور سول فورسز کی دہشت گردی کے خلاف کامیابیوں کی معترف نہیں تھیں۔ حال ہی میں وہ اداروں کے درمیان مذاکرات پر زور دے رہی تھیں۔ اپنی گہری نظر کی وجہ سے وہ سمجھتی تھیں کہ یہ اہم ہے کہ ادارے مل کر قومی چیلنجز کا مقابلہ کریں۔ پاکستان کو درپیش چیلنجز کا افسوسناک پہلو اور ستم ظریفی یہ ہے کہ ہر فرد اور ہر ادارے کے پاس یہ حق ہے کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار کرے لیکن یہ کام آئین اور قانون کے دائرے میں ہونا چاہیے۔ ورنہ جیسا کہ ماضی میں ہوتا رہا ہے، ہم سب مختلف سمتوں میں زور لگاتے رہیں گے اور ریاست کی قوت تباہ ہو جائے گی۔ عاصمہ ایک شاندار پیشہ ور وکیل تھیں اور انہوں نے کبھی سیاست کو عدالتوں کے ساتھ گڈمڈ نہیں ہونے دیا۔ عاصمہ کا آئیڈیلزم اور ان تھک کوششیں یقیناً بہت سے لوگوں کو متاثر کریں گی۔ حقیقت پسندی، ہمدردی اور انسانی حقوق کی پاسداری ان کی میراث ہے جو پاکستان کے لیے آنے والے وقتوں میں مشعل راہ ہوگی۔

(15 فروری، 2018)

(روزنامہ مشرق)

> پاکستان میں چند ہی ایسے لوگ ہیں جو غریبوں کے ساتھ ان جیسی ہمدردی دکھائیں۔ عاصمہ نے پسے ہوئے طبقے کا قانونی دفاع کیا اور ان کے حقوق کی بات کی۔ وسیع تناظر میں دیکھا جائے تو انہوں نے عالمی سطح پر بھی مظالم کا نشانہ بننے والوں کے لیے آواز بلند کی۔ وہ فلسطین کا مقدمہ لڑنے والوں میں پیش پیش تھیں۔ انہوں نے عراق پر امریکی حملے کی مخالفت کی اور روہنگیا مسلمانوں پر مظالم کے خلاف بھی آواز اٹھائی۔ ان کی آواز میں اس لیے دم تھا کیونکہ وہ بے لوث ہو کر مظلوموں کی حمایت اور ظالموں کے خلاف آواز بلند کرتی تھیں۔ اور معمول کے مطابق ان کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا کہ انہیں اپنے ملک سے زیادہ بیرون ملک پذیرائی ملی۔ ان کی صلاحیتوں اور بچوں کے حقوق سے وابستگی کے اعتراف میں انہیں 1986 میں ڈیفنس فار چلڈرن انٹرنیشنل کی نائب چیئر پرسن مقرر کیا گیا۔ وہ اس ادارے کی دو برس تک خدمت کرتی رہیں۔

# انسانی حقوق کی نگہبان۔عاصمہ جہانگیر

منور علی شاہد

مرتے وہ لوگ ہیں جو صرف اپنے لئے جیتے ہیں لیکن جو دوسروں کے لئے جیتے ہیں وہ کبھی مرا نہیں کرتے۔ایسے لوگ مر کر بھی امر ہو جاتے ہیں۔عاصمہ جہانگیر بھی صرف دوسروں ہی کے لئے جیتی تھی لہذا وہ کبھی مر نہیں سکتی، وہ زندہ رہے گی۔لوگ اس کو زندہ رکھیں گے اسی طرح جیسے آج امریکہ میں مارٹن لوتھر جونیئر شہریوں کے یکساں حقوق کی تحریک کا سرگرم رہنما، نسلی تفریق اور امتیاز کے خلاف شہری نافرمانی کی تحریک چلانے والا زندہ ہے۔

عاصمہ جہانگیر بھی زندہ رہے گی اسی طرح جس طرح آج نیلسن منڈیلا زندہ ہے۔بیسویں صدی کے آخری عشروں میں لبرل ازم کی عالمی علامت، نسلی امتیاز کے خلاف کامیاب جدوجہد کرنے والا نیلسن منڈیلا جس کو دنیا نے زندہ رکھا ہوا ہے۔مولانا رومی کا ایک بہت مشہور قول ہے کہ خدا تک پہنچنے کے بہت سے راستے ہیں لیکن میں نے خدا کا پسندیدہ ترین راستہ مخلوق سے محبت کو چنا ہے۔ جو لوگ عاصمہ کو جانتے ہیں وہ بخوبی واقف ہیں کہ عاصمہ کا بھی یہی راستہ تھا وہ بھی خدا کی مخلوق سے محبت کرتی تھی۔ بلا امتیاز رنگ ونسل، مذہب وعقیدہ سبھی کو انسان سمجھتی تھی اور تمام زندگی انہی کے حقوق کے لئے وقف کر رکھی تھی۔ پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق کا ممبر ہونے کی حیثیت سے میرا عاصمہ جہانگیر سے براہ راست تعلق ایک دہائی سے زیادہ عرصہ پر محیط رہا ہے۔سینکڑوں بار ان سے انفرادی واجتماعی ملاقاتیں ہوئیں، دلائل اور سچ پر مبنی ان کی باتوں کو سنا، ہر بار ایک نئی بات سمجھی اور سیکھی۔گارڈن ٹاؤن لاہور میں واقع ایچ آر سی پی کے نیشنل سیکریٹریٹ میں ہونے والی تقریبات میں ان کو ملنے اور سننے کے مواقع ملتے تھے۔جس وقت عاصمہ جہانگیر وہاں موجود ہوتی تھیں اس وقت اندر کا ماحول اور گہما گہمی کا اپنا ہی رنگ ہوا کرتا تھا۔ قدآور مردوں اور دراز قد عورتوں کے درمیان ایک دبلی پتلی سی خاتون کی اپنی ایک الگ منفرد شان ہوا کرتی تھی۔ ہر طبقہ کے مرد وزن کا ہجوم ان کو گھیرے میں لئے ہوتا تھا۔جب کبھی الگ ملاقات ہوتی تو مسکراتے ہوئے پوچھتی تھیں کہ کیا خبریں ہیں۔تو میں ان کو تازہ خبریں سنا دیتا تھا۔ ہر سال مارچ، اپریل کے ماہ منعقد ہونے والی سالانہ تقریب میں مجھے بولنے کا ضرور موقع دیا کرتی تھیں۔

پاکستان کی تاریخ کے طالب علموں اور محققین کی تحقیق اس وقت تک نامکمل اور ادھوری رہے گی جب تک وہ عاصمہ جہانگیر کا تذکرہ نہیں کریں گے۔ عاصمہ جہانگیر انسانی حقوق کے افق پر چمکتا ہوا وہ روشن ستارہ تھیں جن کی روشنی سے ہر انسان منور ہوا تھا خواہ اس کا عقیدہ کچھ بھی ہو۔اور وہ کہیں بھی رہتا ہو۔ پاکستان ایسے قدامت پسند معاشرے میں جہاں ملّا، ملائیت اور غیر جمہوری طاقتوں کا غلبہ ہو، وہاں ایک عورت ہونے کے باوجود بہادری، دلیری، جرات اور استقامت کے ساتھ سب دھمکیوں اور فتوؤں کو پاؤں تلے روندتے ہوئے طبعی موت پانا غیر معمولی بات ہے۔جن موضوعات پر مرد اور ادارے بولنے سے ہچکچاتے اور گھبراتے تھے، ان کے بارے میں عاصمہ بے خوف وخطر اور دھڑلے سے بات کرتی تھیں۔کسی ڈکٹیٹر کا دور ہو یا سول حکومت کا، جب بھی کبھی ایسا فیصلہ ہوا جو انسانی حقوق، جمہوریت اور قانون کے منافی تھا، ہر موقع پر انہوں نے قانون کی بالادستی، مساوات، اور انسانی حقوق کی پاسداری کے لئے اپنی آواز سب سے پہلے بلند کی۔ ایک ایسی سوسائٹی جہاں مذہبی ٹھیکیداروں نے انسان کی شناخت مذہب وفرقہ قرار دے ہو، وہاں انہوں نے خطبہ حجتہ الوداع میں بیان کردہ انسانی برابری اور مساوات کا علم بلند کئے رکھا اور جس

مولانا رومی کا ایک بہت مشہور قول ہے کہ خدا تک پہنچنے کے بہت سے راستے ہیں لیکن میں نے خدا کا پسندیدہ ترین راستہ مخلوق سے محبت کو چنا ہے۔ جو لوگ عاصمہ کو جانتے ہیں وہ بخوبی واقف ہیں کہ عاصمہ کا بھی یہی راستہ تھا وہ بھی خدا کی مخلوق سے محبت کرتی تھی۔ بلا امتیاز رنگ ونسل، مذہب وعقیدہ سبھی کو انسان سمجھتی تھی اور تمام زندگی انہی کے حقوق کے لئے وقف کر رکھی تھی۔

کے نتیجہ میں وہ مختلف ممالک اور طبقوں کی ایجنٹ بھی قرار دی گئیں۔

عاصمہ جہانگیر اور گلگت کا احسان علی

عاصمہ جہانگیر نے نہ صرف پاکستان اور ایشیا میں عورتوں کے حقوق کے لئے غیر معمولی خدمات سرانجام دیں بلکہ عالمی سطح پر بھی پاکستان کا نام روشن کیا۔ملکی سیاست میں جبر کے خلاف مزاحمت کی بنیاد رکھی۔ پرویز مشرف نے اقتدار سنبھالا تو بغل میں دو کتوں کو دبائے اتاترک بننے کے گھمنڈ میں نئی روشن خیالی کو متعارف کرایا تھا۔مئی 2005ء میں خواتین پر تشدد کے خلاف نکالی جانے والی مخلوط میراتھن ریس پر مذہبی جماعتوں کے مطالبہ پر حکومت کی طرف سے پابندی لگا دی گئی تھی اور یہ دور بھی پرویز مشرف ہی کا تھا میں خود بھی وہاں موجود تھا۔ دنیا نے دیکھا کہ عاصمہ نے تمام تر رکاوٹوں کے باوجود سڑک پر دوڑ لگائی اور بعد ازاں دیگر خواتین سمیت پولیس کے تشدد کا نشانہ بنی تھیں۔ جن گروہوں کے آگے پرویز مشرف نے گھٹنے ٹیکے ہوئے تھے ان کے سامنے عاصمہ جہانگیر اکیلی سیسہ پلائی دیوار بنی رہی تھیں نیوز چینلز کے ریکارڈ گواہی دیں گے کہ حساس ترین سیاسی موضوعات پر لائیو گفتگو کے دوران ان کا انداز گفتگو بہت پر تحمل اور شائستہ ہوا کرتا تھا جبکہ ان کے مقابل دیگر کے منہ سے جھاگ نکل رہی ہوتی تھی جس سے ان کی کمزوری کا پتہ چلتا تھا۔

عاصمہ جہانگیر صرف انسانی حقوق ہی کی نگہبان نہ تھیں بلکہ وہ امن کی بھی علامت بھی تھیں۔کئی سال تک مال روڈ پر یکم جنوری کو مال روڈ پر امن مارچ کرنا، واہگہ بارڈر پر جا کر امن کی شمعیں روشن کرنا ان کی امن محبت کی روشن مثالیں ہیں۔

پریس کلب لاہور کی تاریخ گواہ رہے گی کہ کیسے اس نے باہمت خاتون کو دھاڑتے ہوئے سنا، اور انسان دشمن نظریات کا پرچار کرنے والوں کو للکارتے دیکھا تھا۔عاصمہ جہانگیر کی انسانی حقوق کی خدمت کا سب سے بڑا کارنامہ لاہور میں 1986ء میں ایک آزاد اور خود مختار کمیشن کا قیام ہے جس کو آج پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق کے نام سے پکارا جاتا ہے۔آج اس کا یہ مقام ہے کہ اقوام متحدہ اور ایمنسٹی انٹرنیشنل سمیت دیگر عالمی ادارے اور حکومتیں ایچ آر سی پی کی ہی رپورٹس پر یقین رکھتی ہیں۔اسی ادارے کے توسط سے انسانی حقوق کی صورتحال پر نظر رکھتی ہیں۔آپ کو اس ادارہ کے شریک بانیوں کا اعزاز حاصل ہے تاہم سچ یہی ہے کہ اس ادارے کو بام عروج پر لے جانے میں عاصمہ جہانگیر کا اہم کردار اور بے مثال جدوجہد شامل ہے۔ عاصمہ جہانگیر کا دوٹوک موقف تھا کہ مذہب اور عقیدے کی بنیاد پر ریاست وحکومت کو کسی شہری سے امتیازی سلوک کرنے کا حق نہیں اور یہی وہ اصولی موقف تھا جس کی وجہ سے ملک کے رجعت پسند ان کے جانی دشمن ہو چکے تھے۔ عاصمہ جہانگیر کی انسانی حقوق کی خدمات کی فہرست بہت طویل ہے ان میں بے گھر عورتوں کے لئے شیلٹر ہومز کا قیام، بھٹہ مزدوروں کے مسائل کے حل کے لئے ایک طویل قانونی جنگ اور پھر جبری مشقت کی ہر قسم کی پابندی لگوانا۔اس کے علاوہ انہوں نے بچوں کے حقوق کے لئے بہت سے اقدامات کئے۔

عاصمہ جہانگیر کو انسانی حقوق کی دیگر عالمی شخصیات کی طرح پابند سلاسل بھی ہونا پڑا اور متعدد بار نظر بندی کا سامنا رہا۔عاصمہ جہانگیر نے انسانی حقوق کے تحفظ اور پاسداری میں کبھی بھی امتیاز نہ برتا تھا اس کا ثبوت امریکہ میں لاپتہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کا معاملہ تھا۔ سب سے پہلے عاصمہ ہی نے اس کو اٹھایا تھا۔عاصمہ جہانگیر نے پاکستان کے نام اور وقار کو دنیا میں بلند کئے رکھا۔دنیا کے جس کونے میں بھی جاتیں وہاں پاکستانی عاصمہ جہانگیر کے حوالے سے ذکر ہوتا۔

آج عاصمہ جہانگیر ان پاکستانی شخصیات میں شامل ہو گئی ہیں جن کو بیرون ملک پاکستان کا نام بلند کرنے کی پاداش میں نفرت، تعصب کا مرتے دم تک سامنا رہا تھا۔عاصمہ جہانگیر کا نام انسانی حقوق کی جدوجہد اور ان کا دفاع کرنے والوں کی فہرست میں سرفہرست لکھا جائے گا خواہ اس کا تعلق پاکستان، ایشیا یا اقوام عالم سے ہو۔

(18فروری،2018)

(البیان پاکستان)

# عاصمہ جہانگیر: بس یادیں رہ جاتی ہیں

شاہد ملک

پورا جملہ تھا 'بس شاہ جی، یادیں رہ جاتی ہیں'۔ ایک دوسرے کا حال احوال پوچھتے ہی یہ الفاظ روزنامہ 'ڈان' کے ایڈیٹر ظفر عباس کے منہ سے نکلے جو عام حالات میں یار باش مگر غیر جذباتی آدمی ہیں۔

انقلابی ذہن کے لوگ کہیں گے کہ قذافی اسٹیڈیم لاہور کے باہر یہ مکالمہ اِس لئے ہوا کہ عاصمہ جہانگیر کی نمازِ جنازہ کے لئے مرد وزن ساتھ ساتھ کھڑے ہو کر کچھ ہی دیر میں ایک نئی روایت کو جنم دینے والے تھے۔ شاعرانہ مزاج والے اِس کے پیچھے کوئی خوشگوار زمانی حوالہ بھی تلاش کر سکتے ہیں کیونکہ جب چار سال کے وقفہ سے ظفر اور مَیں بغل گیر ہوئے تو 'ویلنٹائن ڈے' میں محض نو گھنٹے باقی تھے۔ یوں تو دونوں ہی نکتے قابلِ غور ہیں، لیکن میرے بی بی سی کے پرانے ہم کار ظفر عباس کا اشارہ کسی اور طرف تھا۔ یہی قذافی اسٹیڈیم، ہر عمر اور طبقہ کے شرکا، اور عنفوانِ بہار موسم۔ تو ابتدا کرتے ہیں اِسی کہانی سے۔ پہلے یہ وضاحت کہ 'شاہ جی' ہم میں سے کسی کا نام نہیں۔ محض قریبی دوستوں کو بُلانے کا ایک انداز ہے، جو پہلے پہل نامور افسانہ نگار مرزا حامد بیگ سے سیکھا تھا۔ اِسے لہجہ کی شاعری سمجھ لیں، بالکل یوں جیسے سندھ میں عزت افزائی کے لئے ایک دوسرے کو 'سائیں'، خیبر پختونخوا کے نواحی علاقوں میں 'خان جی'، پوٹھوار میں 'راجہ' اور میرے آبائی ضلع میں 'چودھری صاحب' کہہ کر بلا لیا جائے تو اِسے کوئی اور علامت نہیں بلکہ میجر، کرنل اور پروفیسر کے نمونہ پر ایک 'رینک' خیال کیا جائے گا۔ شرط یہ ہے کہ آپ کا رشتہ اپنے دوست سے بے تکلفی کا ہو۔ جیسے لندن میں ہمارے سینئر ساتھی سید اطہر علی نے منصور معجز کو ہمیشہ 'ڈاکٹر' کہا مگر جب شفیع نقی جامعی نے ایسا کرنا چاہا تو سختی سے ممانعت کر دی۔ اسی طرح یہ بھی کبھی نہ ہوا کہ حاجی ثقلین امام نے اپنے مخاطب کو انہی کے انداز میں پلٹ کر 'حاجی اعجاز رضوی' کہہ دیا ہو۔ پر، جناب، رواں صدی کے آغاز کی جو کہانی بیان کرنے کا ارادہ ہے، ظفر عباس یا شاہد ملک تو فقط اُس کے ضمنی کردار ہیں، جو جنوری 2006ء کی ایک صبح رپورٹنگ کی خاطر قذافی اسٹیڈیم پہنچے۔ وگرنہ خبر کا عنوان تو اُس دن بھی عاصمہ جہانگیر تھیں جن کی مثالی جرات نے پیشہ ور اتھلیٹوں کے ہمراہ عورتوں، بچوں اور بوڑھوں کی شرکت کو یقینی بنا کر میراتھان دوڑ کو ایک عوامی جشن میں تبدیل کر دیا۔ میری اگلی بات سُن کر خدا معلوم آپ کون سے احساس کمتری کا لیبل لگانا چاہیں، لیکن میراتھان کی تصویر کو نمازِ جنازہ کے فریم میں سجا کر دیکھوں تو دونوں تقاریب ذاتی طور پر میرے لئے ایک ہی نوعیت کے تجربات تھے۔ ایک سا جوش و خروش، ایک سی رنگا رنگی اور وہی پر ہجوم ٹریفک جس سے بچنے کے لئے دونوں بار گھر سے اسٹیڈیم تک کی چار کلومیٹر پیدل مسافت میرے لئے کشادہ تر گلی زمینوں کا سفر بن گئی۔

میراتھان میں عاصمہ جہانگیر کا کردار یوں اہم ہے کہ بعض مذہبی جماعتیں دوڑ کو زبردستی رکوانے کے لئے ایک دن پہلے مار کٹائی کے ذریعہ طاقت کا مظاہرہ کر چکی تھیں۔ ملاحظہ ہو بی بی سی رپورٹ کی ایک جھلک ''لاہور کا قذافی اسٹیڈیم جہاں میراتھان دوڑ کے لئے تین الگ الگ مقابلوں کا اہتمام کیا گیا تھا۔ خاص توجہ کا ایک مقابلہ خصوصی افراد کی دوڑ تھی، جنہوں نے وہیل چیئرز پر سوار ہو کر میراتھان میں شمولیت اختیار کی۔ مذہبی جماعتوں کی اِس دھمکی کے بعد کہ وہ دوڑ میں خواتین کی شرکت کو غیر اسلامی سمجھتے ہوئے اِس کے خلاف احتجاج کریں گی، منتظمین پانچ کلومیٹر کے مقابلوں کے بارے میں تشویش کا شکار رہے کیونکہ خواتین اور بچوں کی بڑے پیمانے پر شرکت کا امکان اسی دوڑ میں تھا۔ عملاً اِس مقابلے میں خواتین کی شرکت کا تناسب توقع سے کہیں کم رہا۔''

زمانی ترتیب کی رو سے دیکھیں تو یہ عاصمہ جہانگیر کی زندگی کے آخری ابواب ہیں۔ پہلی مرتبہ اخبارات میں اُن کے والد ملک غلام جیلانی کے اسمِ گرامی سے آشنائی **1960**ء کی دہائی کے ابتدائی برسوں میں ہوئی تھی جب مَیں نیا نیا ہائی اسکول میں داخل ہوا۔ 'نوائے وقت' کے صفحہ اول پر اِس مفہوم کی شہ سرخی یاد پڑتی ہے کہ ملک غلام جیلانی کی کوٹھی کے احاطہ میں صحافی ضمیر قریشی کو گولی مار دی گئی۔ اخبار نے یہ اطلاع بھی دی کہ حملہ کا اصل ہدف مغربی پاکستان اسمبلی کے رکن میر عبدالباقی بلوچ تھے، جو اِس کارروائی میں زخمی تو ہوئے مگر زندہ بچ گئے۔ تب اِس نوعیت کے واقعات خال خال ہوا کرتے تھے، لہٰذا وقتی طور پہ یوں لگا کہ مذکورہ واردات نے ملک کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ میر باقی بلوچ کون ہیں؟ اُن پہ حملہ کیوں ہوا؟ ضمیر قریشی اِس کی زد میں کیسے آ گئے؟ یہ باتیں ہماری سمجھ سے بالاتر تھیں۔ باتیں اُس وقت سمجھ میں آنے لگیں جب سپریم کورٹ آف پاکستان کے پانچ رکنی بینچ نے چیف جسٹس حمود الرحمان کی سربراہی میں وہ فیصلہ سنایا جسے وطنِ عزیز کی عدالتی تاریخ میں عاصمہ جیلانی کیس کے نام سے دائمی شہرت ملنے والی تھی۔

یہ فیصلہ اُن دو پٹیشنوں کے ضمن میں ہوا جن میں ملک غلام جیلانی کی بیٹی عاصمہ جیلانی اور الطاف گوہر کی اہلیہ زرینہ گوہر نے اپنے والد اور شوہر کی نظر بندی کو لاہور ہائی کورٹ اور سندھ و بلوچستان ہائی کورٹ میں الگ الگ چیلنج کیا تھا۔

چونکہ اُس مرحلہ تک ملکی حالات پر جنرل یحییٰ خان کا فوجی اقتدار سایہ فگن تھا، اِس لئے ہائی کورٹ نے کہا کہ دونوں کے خلاف کارروائی چونکہ مارشل لا کے حکم کے تحت ہوئی، چنانچہ عدالت عالیہ یہ مقدمہ سننے کی مجاز نہیں۔ خیر، سپریم کورٹ نے بہت کچھ بدل کے رکھ دیا اور بالآخر ذوالفقار علی بھٹو کو سویلین مارشل لا کی بساط بھی لپیٹنا پڑی۔ اِس خیال سے کہ کئی اہم مگر غیر معروف واقعات قوم کے اجتماعی حافظہ کا حصہ بنے رہیں، یہ بتانا دلچسپی سے خالی نہیں ہوگا کہ الطاف گوہر، جو فیلڈ مارشل ایوب خان کے عہدِ اقتدار میں سیکرٹری اطلاعات کے طور پر اثر و رسوخ کے مالک رہے، اپنے حراست میں لئے جانے کے وقت روزنامہ 'ڈان' کے ایڈیٹر تھے۔ نئے صدر ذوالفقار علی بھٹو کے پریس سیکرٹری خالد حسن نے صدر کو قائل کرنے کی کوشش کی کہ الطاف گوہر کے خلاف اقدام سے پیپلز پارٹی کی حکومت اور پریس کے باہمی تعلقات پر منفی اثر پڑے گا۔ بھٹو صاحب کا ردِعمل مثبت نہیں تھا۔ چنانچہ خالد حسن نے زبانی گفتگو کے بعد ایک تحریری نوٹ صدر کو بھجوایا جس میں یہی دلائل دہرائے۔ اِس پر خالد کے بقول، بھٹو مرحوم نے اپنے اسپیشل اسسٹنٹ رفیع رضا سے کہا کہ خالد حسن زیادہ عرصہ چل نہیں سکے گا، وہ میرے فیصلوں کو چیلنج کرتا ہے۔

رواں صدی شروع ہونے سے پہلے لندن سے لاہور آ جانے پر بی بی سی کے نامہ نگار کی حیثیت سے میری ملاقاتیں اپنے اپنے شعبوں کی جن سرکردہ شخصیات سے رہیں، اُن میں عاصمہ جہانگیر بہت نمایاں ہیں۔ پھر بھی 'شاہ جی' قسم کے چند ایک دوستوں کو چھوڑ کر اکثر عدالتی، سیاسی اور انتظامی شخصیات سے میرے رشتہ کی طرح یہ تعلق بھی پیشہ ورانہ نوعیت کا تھا۔

چند موقعوں پر باضابطہ دعوت موصول ہونے کے باوجود اُن کے گھر جانے کا اتفاق بس ایک مرتبہ ہوا، وہ بھی خبر کے سلسلے میں۔ اُن کے مین بلیوارڈ والے دفتر میں چائے کئی بار پی ہوگی، کھانا ایک ہی دفعہ کھایا۔ وہ بھی ایک انٹرویو نے طول کھینچ لیا تھا۔ عاصمہ صاحبہ نے اپنے لئے بازار سے قیمہ آلو کی پلیٹ منگوائی اور ساتھ سلاد لانے کے لئے کہا۔ مجھ سے پوچھا تو مَیں نے بھی 'ہاں' کر دی اور اُن کی مہمان نوازی کا سادہ قرینہ پسند آیا۔

فوجداری وکلا جیسی جرح کے عادی بعض دوست جاننا چاہیں گے کہ بطور صحافی مجھے مرحومہ تک کتنی رسائی حاصل تھی۔ عرض کروں گا کہ انسانی حقوق کے مسائل ہوں، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی صدارت ہو یا کسی اہم مقدمہ کی سماعت، ہمارا ہر مرحلہ پہ بارہا ساتھ رہا اور اِس میں نازک مقامات بھی آئے، لیکن خبر کے لئے درکار معلومات حاصل کرنے میں کبھی کوئی باہمی رکاوٹ نہیں ہوئی۔

یہاں تک کہ اپریل 1999ء میں جب اے جی ایچ ایس کے دفتر میں 29 سالہ سمیعہ سرور کو غیرت کے نام پہ گولی مار دی گئی تو اِس ہولناک منظر کو دیکھنے والا اولین رپورٹر مَیں ہی تھا۔

البتہ اتنا ضرور کہوں گا کہ اُس شام، اُس سے پہلے یا بعد، میری طرف سے نشر ہونے والی کسی خبر کے ضمن میں عاصمہ جہانگیر نے مجھ پر اثر انداز ہونے کی کوشش کبھی نہ کی۔ وہ زندہ ہوتیں تو مَیں اِس پر اُن کا شکریہ ادا کرتا، مگر کیا کریں، شاہ جی، بس یادیں رہ جاتی ہیں۔

(18 فروری، 2018)

(ہم سب)

# عاصمہ۔۔۔انتہائی دلیر خاتون

واجد شمس الحسن

میں جب آخری بار عاصمہ جہانگیر سے لندن میں ملا تھا تو میں نے ان سے کہا کہ عاصمہ آپ ہمارا آخری سہارا ہیں، آپ کے بعد سیلاب آجائے گا۔ جب جرنیل یہ باتیں کررہے تھے کہ 70,000 زائد معصوم پاکستانیوں کے قاتلوں اور ان کے سروں سے فٹبال کھیلنے والوں کو مرکزی دھارے میں شامل کرلیا جائے تو عاصمہ جہانگیر کی موجودگی میں اس بات کی امید تھی کہ ہم یہ جنگ جیت سکتے ہیں۔ میرے جیسے زندگی کے آخری حصے میں پہنچنے والے لوگوں کو شاید ایسی امید کی ضرورت بھی تھی لیکن ان کی بے وقت موت سے یہ امید بھی ٹوٹ گئی حالانکہ اس وقت پاکستان کو بطور ملک اور معاشرہ ان کی سب سے زیادہ ضرورت تھی۔ جب بینظیر بھٹو کو قتل کیا گیا تھا تو میں نے خود سے سوال کیا تھا کہ کیا ہمیں اپنے ملک کو تباہ کرنے کیلئے کسی اور چیز کی بھی ضرورت ہے؟ اب جبکہ قومی افق پر مذہبی انتہا پسندی ہر چیز کو اپنی لپیٹ میں لے رہی ہے اور انتہا پسندوں نے قائد کے پاکستان کو دفن کرنے کی کوششیں تیز کردی ہیں تو کیا ہم اپنی بقاء کی اس جنگ میں عاصمہ جہانگیر جیسی انتہائی دلیر خاتون کو کھونے کے متحمل ہو سکتے ہیں؟ عاصمہ جہانگیر کی موت پر وہ بھی افسردہ ہیں جو اچھائی اور برائی میں تمیز کرسکتے ہیں۔ جب کبھی بھی بے یارومددگار لوگوں کی چیخ وپکار سنائی دے گی تو یہ عاصمہ جہانگیر کی موت کا ماتم ہوگا۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے جن الفاظ میں عاصمہ کو خراج تحسین پیش کیا ہے اس سے بہتر الفاظ ملنا مشکل ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایسے ہی ہے جیسے 'انسانی حقوق کے دیو' کی موت ہوگئی ہو۔ انہوں نے عاصمہ کی انصاف اور مساوات کیلئے جدوجہد کو بھی سراہا۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انٹونیو گوٹریس نے عاصمہ جہانگیر کی وفات پر افسردہ لوگوں سے تعزیت کا اظہار بھی کیا۔ ان کے الفاظ تھے کہ عاصمہ جہانگیر انسانی حقوق اور مساوات کی ان تھک داعی تھیں۔ انہوں نے ایک پاکستانی وکیل ہونے کے ناطے نظام انصاف کے اندر بھی اپنی خدمات انجام دیں اور عالمی سطح پر سول سوسائٹی کی رکن اور اقوام متحدہ کی نمائندہ خصوصی ہونے کے ناطے بھی اپنے فرائض بخوبی نبھائے۔ عاصمہ جہانگیر بہت شاندار، بااصول، باہمت اور مہربان خاتون تھیں۔ مجھے معلوم ہے کہ انہیں تاریکی کی قوتوں سے مسلسل دھمکیاں ملتی رہتی تھیں۔ انہیں کباب میں ہڈی سمجھا جاتا تھا۔ انہیں لگتا تھا کہ ایک دیوان کی مخالفت پر کمربستہ ہے۔ وہ لوگ اس بات سے پریشان تھے کہ یہ خاتون لاپتہ افراد کے لیے آواز کیوں اٹھا رہی ہے۔ ان کا بلوچستان کو غیر فوجی علاقہ بنانے، اس کے لوگوں کو جمہوری اور آئینی حقوق سے استفادہ کرنے کا مطالبہ بھی ایسی چیز تھا جس کی وجہ سے ان کی زندگی مسلسل خطرے میں رہتی تھی۔ ان کی زندگی پر مسلسل حملے ہوئے لیکن وہ ہر بار محفوظ رہیں۔ وہ شاید بینظیر بھٹو کے بعد دوسری لیڈر تھیں جو یہ سمجھتی تھیں کہ موت کا خطرہ کتنا ہی شدید کیوں نہ ہو وہ اپنے اصولوں پر قائم رہیں گی۔ جب کبھی بھی میں انہیں وارننگ دیتا تھا تو وہ بینظیر کے الفاظ دوہرایا کرتی تھیں۔ وہ الفاظ یہ تھے ''اگر موت کو آنا ہے تو آجائے۔ اس سے ڈرنا چاہیے نہ اپنے ان مقاصد کو چھوڑنا چاہیے جس کیلئے انہوں نے ساری زندگی جدوجہد کی ہے''۔

میری ان سے پہلی ملاقات 1989 کے شروع میں ہوئی تھی۔ میں راولپنڈی میں وزیراعظم ہاؤس کے ایک ڈنر میں شریک تھا۔ وہاں آئی ایس آئی کے چیف لیفٹیننٹ جنرل حمید گل بھی میز پر ہمارے ساتھ موجود تھے۔ وہ بڑے جوشیلے تھے۔ مجھے عاصمہ کا تو علم نہیں لیکن میں پہلی مرتبہ ایک جرنیل کی باتیں سن رہا تھا۔ ہم اس وقت حیران رہ گئے جب انہوں نے بظاہر ایک ریاستی راز سے پردہ اٹھایا اور کہا کہ جلال آباد جلد ہی مجاہدین اور آئی ایس آئی کے مشترکہ آپریشن کے نتیجے میں قبضے میں آجائے گا۔ میں نے اور عاصمہ نے ان کے تفصیلی بیان کی مخالفت کی۔ اور ایک پنجابی کڑی کی طرح انہوں نے گل کو اپنے دل کی بات بھی کہہ دی جب گل نے کہا کہ ہماری سرحدیں دریائے آکسس تک بڑھ جائیں گی۔ انہوں نے پنجابی میں حمید گل سے کہا کہ جنرل صاحب ذرا سنبھل کر رہیے گا کہیں ہماری سرحدیں بڑھنے کی بجائے سکڑ نہ جائیں۔ بلاشبہ یہ ایک دلچسپ بحث

میری ان سے پہلی ملاقات 1989 کے شروع میں ہوئی تھی۔ میں راولپنڈی میں وزیراعظم ہاؤس کے ایک ڈنر میں شریک تھا۔ وہاں آئی ایس آئی کے چیف لیفٹیننٹ جنرل حمید گل بھی میز پر ہمارے ساتھ موجود تھے۔ وہ بڑے جوشیلے تھے۔ مجھے عاصمہ کا تو علم نہیں لیکن میں پہلی مرتبہ ایک جرنیل کی باتیں سن رہا تھا۔ ہم اس وقت حیران رہ گئے جب انہوں نے بظاہر ایک ریاستی راز سے پردہ اٹھایا اور کہا کہ جلال آباد جلد ہی مجاہدین اور آئی ایس آئی کے مشترکہ آپریشن کے نتیجے میں قبضے میں آجائے گا۔ میں نے اور عاصمہ نے ان کے تفصیلی بیان کی مخالفت کی۔ اور ایک پنجابی کڑی کی طرح انہوں نے گل کو اپنے دل کی بات بھی کہہ دی جب گل نے کہا کہ ہماری سرحدیں دریائے آکسس تک بڑھ جائیں گی۔ میں نے پنجابی میں حمید گل سے کہا کہ جنرل صاحب ذرا سنبھل کر رہیے گا کہیں ہماری سرحدیں

